★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 14 رجب المرجب 1446ھ، 15 جنوری 2025ء 28 پوہ 2081ء (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 88

کسان کارڈ سے کاشتکاروں نے 46 ارب روپے کی خریداری کا ریکارڈ قائم کردیا، کسان رل گیا کا بیانیہ پٹ گیا، کاشتکار خوش اور خوشحال ہے: وزیراعلیٰ

پنجاب کابینہ کا اجلاس 91 نکات پر غور، اہم فیصلے، آسان کاروبار سکیم کیلئے مفت پلاٹ دینے کا اعلان

پنجاب ہندو میرج ایکٹ، رجسٹریشن رولز 2024ء کی منظوری، ہیلمٹ کی رجسٹریشن مہم شروع کرنے اور موٹر سائیکل کی سپیڈ کو 60 کلومیٹر فی گھنٹہ تک محدود کرنے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا 2019 میں آئل ایکسپلوریشن کمپنی کو محکمہ جنگلات کا جعلی این او سی ایشو کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا حکم



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

لاہور (صدف الطاف) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا 22 واں اجلاس منعقد ہوا۔ صوبائی کابینہ کے اجلاس میں ریکارڈ 91 ایجنڈا آئٹمز زیر بحث لائے گئے۔ پنجاب ہندو میرج ایکٹ، رجسٹریشن رولز 2024ء کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کٹن کی پیداوار بڑھانے کے لئے بھگائی اقدامات کی ہدایت کی اور موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے گنے کی پیداوار میں کمی (بقیہ نمبر 11)

وزیراعلیٰ مریم نواز سے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف کی ملاقات

دوطرفہ تعلقات، تجارتی روابط، ثقافتی تبادلوں اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال

وزیراعلیٰ مریم نواز کی آذربائیجان کے سفیر کو پنجاب میں سرمایہ کاری کی دعوت

لاہور (صدف الطاف) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے پاکستان میں آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف نے ملاقات کی۔ دوطرفہ تعلقات، تجارتی روابط، ثقافتی تبادلوں، اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آذربائیجان کے سفیر کی وزیراعلیٰ مریم نواز نے دورے (بقیہ نمبر 12)

سیکیورٹی فورسز کے خیبر بختونخوا میں آپریشنز 8 خوارج مارے گئے

ٹانک میں آپریشن کے دوران 6 خوارج ہلاک، تیراہ میں کارروائی کے دوران 2 خوارج مارے گئے، اسلحہ، گولیاں اور دیگر سامان برآمد

دہشتگردوں کے تمام مذموم عزائم ناکام بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے، صدر، وزیراعظم، وزیر داخلہ اور چیئرمین قومی اسمبلی کا سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے نتیجے میں 8 خوارج ہلاک ہوگئے۔ صدر، وزیراعظم، وزیر داخلہ اور چیئرمین قومی اسمبلی نے کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، دہشتگردوں کے تمام مذموم عزائم ناکام بنائے گا۔ انسپکٹر جنرل پولیس خیبر پختونخوا (آئی جی پی) کے مطابق 12 (بقیہ نمبر 10)

ہماری پالیسی صرف پاکستان کی سالمیت ہے یہ بات دنیا بھی جانتی ہے، آرمی چیف

افغانستان سے صرف فتنہ الخوارج کی واہاں موجودگی اور سرحد پار سے پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے پر اختلاف ہے اور اس وقت تک رہیگا جب تک وہ اس مسئلے کو دور نہیں کرتے

خیبر پختونخوا میں کوئی بڑے پیمانے پر آپریشن نہیں کیا جارہا اور نہ ہی فتنہ الخوارج کی پاکستان کے کسی بھی علاقے میں عملداری ہے، صرف ٹیلی جس کی بنیاد پر انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائی کی جاتی ہے

سے گفتگو کرتے ہوئے جنرل عاصم منیر کا کہنا تھا کہ عوام اور فوج کے درمیان رشتہ مضبوط کرنے کا یہ بہترین ملک سے خصوصی ایجنڈے کے ذریعے چلایا جاتا ہے، افغانستان ہمارا برادر پڑوسی (بقیہ نمبر 9)

صرف اور صرف پاکستان ہے، ریاست ہے، توسیاست بھی ہے، پشاور میں خیبر پختونخوا کے سیاسی قائدین

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ ہماری پالیسی



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

صنوں کو وفاق کیساتھ ملکر چیلنجز کو حل کرنا ہوگا، وزیراعظم

دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے بیش بہا قربانیوں کی بدولت فتنہ الخوارج ہمیشہ کیلئے دم توڑ جائے گا، پاکستان دوبارہ امن کا گہوارہ بنے گا، پی آئی اے کے حوالے سے بندشیں ختم ہورہی ہیں، لندن کی پروازیں بھی جلد بحال ہوں گی، شہباز شریف

2024، دہشتگردی کے 800 حملے 1100 سے زائد ہلاکتیں

1200 سے زائد افراد زخمی ہوئے، تحمتک تیک پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار کانفلکٹ

لاہور (این این آئی) تحمتک تیک پاکستان انسٹیٹیوٹ فار کانفلکٹ اینڈ سیکیورٹی سٹڈی کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق سال 2024 میں دہشتگردی کے 800 سے زائد حملے اور 1100 سے زائد ہلاکتیں ہوئیں، سال 2024 کے دوران مختلف حملوں اور واقعات میں 1200 سے زائد افراد زخمی ہوئے، دہشتگردوں نے زیادہ تر کارروائیاں خیبر پختونخوا (بقیہ نمبر 2)

9 مئی مقدمات، 104 ملزمان کی عبوری ضمانتوں میں توسیع

علیمہ خان، عظمیٰ خان کی حاضری معافی کی درخواستیں عدالت نے منظور کرلیں

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے 9 مئی کے مقدمات میں ملوث 104 ملزمان کی عبوری ضمانتوں میں 12 فروری تک توسیع کردی۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے جج ارشد جاوید نے پی ٹی آئی رہنماؤں کی عبوری ضمانت، عظمیٰ خان کی حاضری معافی کی درخواستوں پر سماعت کی۔ فواد چوہدری، اسد عمر، مسرت جمشید چیمہ، جمشید اقبال چیمہ عدالت میں پیش ہوئے، بشریٰ بی بی، سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ بھی پیش ہوئیں۔ وکیل بیرسٹر سلمان اکرم راجہ، وارث چیمہ کے بھائی بھی پیش ہوئے۔ علیمہ خان اور عظمیٰ خان کی حاضری معافی کی درخواستیں دائر (بقیہ نمبر 4)



سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ اپوزیشن اراکین سے ملاقات کررہے ہیں

پی آئی اے نجکاری کیلئے اظہار دلچسپی رواں ماہ کے آخر تک جاری کئے جانے کا امکان

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) نجکاری کمیشن کی جانب سے پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کمپنی لمیٹڈ کی نجکاری کے لئے اظہار دلچسپی رواں ماہ کے آخر تک (بقیہ نمبر 5)

لاہور کیلئے 27 الیکٹرک بسیں چین سے آج کراچی پہنچیں گی

بسوں کی کل مالیت 2 ارب 46 کروڑ ہے، سات روز میں لاہور پہنچیں گی

لاہور (این این آئی) پنجاب کے صوبائی دارالحکومت لاہور کے لیے 27 الیکٹرک بسیں آج (بدھ) کے روز چین سے کراچی پورٹ پر پہنچیں گی۔ الیکٹرک بسیں تخمینہ شدہ وقت سے 6 روز قبل ہی پہنچ رہی ہیں۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان کراچی پورٹ سے بسوں کی وصولی کے (بقیہ نمبر 8)



9 مئی کو کون کو کمانڈر ہاؤس کے اندر جانا سیکیورٹی لیپس ہے، سپریم کورٹ

کیا فوج کے قافلے پر حملہ کرنا بھی دہشتگرد خراب کرنا ہوگا؟، کسی فوجی کا چیک پوسٹ پر سویلین سے تنازع ہو تو کیا یہ بھی دہشتگرد خراب کرنا ہوگا؟ جسٹس کے ریمارکس

فوج کا دہشتگرد جو بھی خراب کرے گا وہ فوجی عدالت میں جائے گا، خواجہ حارث: آرمی ایکٹ کا دائرہ جتنا وسیع کررہے ہیں کوئی بھی آسکتا ہے، جسٹس جمال مندوخیل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس میں کہا ہے کہ 9 مئی کو لوگوں کا کارکنان داخل کے اندر جانا سیکیورٹی لیپس کی ناکامی ہے، جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سات رکنی آئینی بنچ فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت (بقیہ نمبر 1)



لاہور میں صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شفاع حسین سے آذربائیجان کے سفیر ملاقات کررہے ہیں

پاکستان کے معاشی استحکام کیلئے چینی کمپنیوں کا بہت اہم ہے، اسحاق ڈار

پاکستان جون کے اوائل تک یوآن پر مبنی پانڈا بانڈ جاری کرے گا، چینی کوکرنسی کے استعمال کو بڑھانے میں مدد ملے گی

پاکستان چینی سرمایہ کاروں سے 200 سے 250 ملین ڈالر اکٹھا کرنے کا خواہشمند ہے، ساجد تھ چائنا مارننگ پوسٹ کو انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اپنی مارکیٹ کو چین کے لیے کھولنے کا خواہشمند ہے، ساجد تھ چائنا مارننگ پوسٹ کو انٹرویو میں کہا کہ پاکستان جون کے اوائل تک یوآن پر مبنی پانڈا بانڈ جاری کرے گا، اس اقدام سے چینی کو کرنسی کے استعمال کو بڑھانے میں مدد ملے گی، (بقیہ نمبر 3)

میری اوقات نہیں کہ مذاکرات ناکام یا کامیاب بناؤں، خواجہ آصف

یہ مذاق رات ہیں، مذاکرات نہیں، پی ٹی آئی والوں کی ہنوں پر 100 فیصد شک ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ میری اوقات نہیں کہ مذاکرات ناکام یا کامیاب بناؤں، مجھے پی ٹی آئی والوں کی ہنوں پر 100 فیصد شک ہے۔ نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی والے وقت گزار رہے ہیں (بقیہ نمبر 3)



اسلام آباد حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشال ملک تقریب سے خطاب کررہی ہیں

میں نے سیاست میں نہیں آنا لیکن خدمت کیلئے تیار ہوں، اسد عمر

یہ حقیقت ہے کہ امریکا میں ہونے والے فیصلے پاکستان پر اثر انداز ہوتے ہیں، لاہور میں گفتگو

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر اسد عمر کا کہنا ہے کہ میں نے سیاست میں نہیں آنا لیکن خدمت کیلئے تیار ہوں۔ لاہور کی انسداد دہشت گردی کی عدالت کے باہر میڈیا سے (بقیہ نمبر 1)

ٹل پارا چنار روڈ محفوظ بنانے کیلئے اہلکاروں کی بھرتی شروع

خیبر پختونخوا کابینہ نے بھرتیوں اور محکمہ خزانہ نے فنڈز کی منظوری دے دی، ڈی رائج

پاراچنار (این این آئی) ٹل پاراچنار روڈ محفوظ بنانے کے لیے اہلکاروں کی بھرتی کا عمل شروع ہوگیا۔ ڈرائج کے مطابق خیبر پختونخوا کابینہ نے بھرتیوں اور محکمہ خزانہ نے فنڈز (بقیہ نمبر 15)

فتنہ الخوارج کے خاتمے میں سہولت کاری کیلئے نوجوانوں کی آن لائن بھرتی کا انکشاف

دہشت گرد تنظیم نے گوجرانوالہ، سرگودھا، بہاولپور، جہلم اور سرگودھا سے بھرتیاں کیں، ٹیٹ ورک کے 6 ملزمان گرفتار کرلیا

قانون ناقذ کرنیوالے اداروں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کی آن لائن بھرتیوں کا نیٹ ورک ختم کردیا

اسلام آباد (این این آئی) فتنہ الخوارج کی جانب سے پنجاب میں نوجوانوں کی آن لائن بھرتی کا 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انکشاف سامنے آیا ہے، قانون ناقذ کرنے والے اداروں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ٹیٹ ورک لاہور میں قانون ناقذ کرنے والے اداروں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کی آن لائن بھرتیوں کا نیٹ ورک ختم کردیا، اس حوالے سے تفصیلات وزیر اعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 2)

پشاور ہائیکورٹ، سونے کی کان کنی میں مرکری کے استعمال پر پابندی

عدالت نے محکمہ معدنیات کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے میں سونے کی کان کنی میں مرکری (کیمیکل) کے کوہاٹ میں سونے کی کان کنی کے لیے مرکری استعمال کے خلاف پشاور ہائی کورٹ میں (کیمیکل) کے استعمال پر پابندی عائد کردی۔ کوہاٹ دائر درخواست پر سماعت چیف (بقیہ نمبر 30)

پولیس تشدد جھلاؤ کھیرا ؤ مقدمے میں گرفتاری 25

ملزمان کی عبوری ضمانتیں کنفرم

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے 24 نومبر کو پریڈ لین میں پولیس تشدد اور جلاؤ گھیراؤ کے مقدمہ میں قصور سے گرفتار پروفیسر حافظ محمد ذکر اور مہر سلیم سمیت (بقیہ نمبر 26)

نئے تعلیمی سال سے ڈیل، میٹرک سطح پر ٹیک ایجوکیشن کے آغاز کا اعلان

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے سرکاری سکولوں میں نئے تعلیمی سال سے ڈیل اور میٹرک سطح پر ٹیک ایجوکیشن کا آغاز کرنے (بقیہ نمبر 31)

لیسکو ایس ڈی اوز، میٹر انسپکٹرز اور میٹر ریڈرز ریکارڈ سمیت نیب طلب

غیر قانونی ریفنڈ کے ذریعے قومی خزانے کو 4.9 ارب مالیت کا نقصان پہنچایا گیا

لاہور (این این آئی) نیب نے لاہور الیکٹرک میں ایس ڈی اوز، میٹر انسپکٹرز اور میٹر ریڈرز کو ریکارڈ سمیت طلب کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق غیر قانونی ظہر پر اربوں روپے کے ریفنڈز کی تحقیقات قانونی ریفنڈز کے ذریعے (بقیہ نمبر 33)

اگر مدرسہ ہوتے نظریہ پاکستان دفن کردیا جاتا، مولانا فضل الرحمان

ہم نے سروں پر پگڑیاں سر جھکانے نہیں اونچا کرنے کے لیے پہنی ہیں، علما کرام کیخلاف بے بنیاد پروپیگنڈا کیا جاتا ہے

مذہبی قیادت نے ہمیشہ ہم آہنگی کو آگے بڑھایا، 26 ویں ترمیم میں سود کے خاتمے نے شرعی عدالت کو طاقت دی، گفتگو

مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ہم نے سروں پر پگڑیاں سر جھکانے نہیں اونچا کرنے کے لیے پہنی ہیں، علما کرام کیخلاف بے بنیاد پروپیگنڈا کیا جاتا ہے، انہوں نے کہا کہ مذہبی قیادت نے ہمیشہ ہم آہنگی کو آگے بڑھایا، اگر مدارس نہ ہوتے تو نظریہ پاکستان دفن کردیا (بقیہ نمبر 16)

5 سال میں جعلی غیر اہل افراد کے 71 ہزار 849 شناختی کارڈ بلاک

خیبر پختونخوا میں سب سے زیادہ 25 ہزار 981 شناختی کارڈ بلاک کیے گئے، قومی اسمبلی میں اعداد و شمار سامنے آگئے

اسلام آباد (این این آئی) 5 سال میں جعلی اور غیر اہل افراد کے 71 ہزار 849 کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ بلاک کردیئے گئے۔ وزارت داخلہ نے بلاک کیے گئے شناختی کارڈز سے متعلق اعداد (بقیہ نمبر 28)

وزارت انسداد منشیات نشے کے شکار افراد کے اعداد و شمار سے لاعلم

وزارت نے قومی اسمبلی میں گزشتہ 12 سال سے سروے نہ ہونے کا اعتراف کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت انسداد منشیات نے قومی اسمبلی میں گزشتہ 12 سال سے سروے (بقیہ نمبر 29)



اسلام آباد، وفاقی وزیر فواد خواجہ آصف سے سکھیر جسٹس فورم کے وفد کی ملاقات کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو



اکھوڑ خٹک، خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات پیر سید علی سے مولانا حمید الحق علی ملاقات کررہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

ڈی جی ایل ڈی اے کا جوہر ٹاؤن فنانس اینڈ ٹریڈ سنٹر کا دورہ، ری ماڈلنگ اور انفراسٹرکچر میں بہتری کے مجوزہ پلان کا جائزہ

ایف ٹی سی جوہر ٹاؤن کو رواں سال قومی و بین الاقوامی سرمایہ کاری کے لیے جلد پیش کیا جائے گا



ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق ری ماڈلنگ اور انفراسٹرکچر میں بہتری کے بعد پلاٹوں کو نیلامی اور جز وی کے لیے بھی مارکیٹ میں لایا جائے گا

لاہور (خبرنگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز جوہر ٹاؤن فنانس اینڈ ٹریڈ سنٹر کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے فنانس اینڈ ٹریڈ سنٹر کے اطراف ری ماڈلنگ اور انفراسٹرکچر میں بہتری کے مجوزہ پلان کا جائزہ لیا۔ چیف آفیسر ایل ڈی اے اسرار سعید نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ایف ٹی سی جوہر ٹاؤن کے مکمل ادریا کی فینسنگ کر کے اسٹری اکیڈمی کو بہتر کیا جائے گا۔ ایف ٹی سی کے اطراف تجاوزات کے خاتمے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں گے۔ تجاوزات و جھگیوں سے خالی کرائے گئے پلاٹوں کے اطراف فینسنگ لگائی جائے گی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ری ماڈلنگ اور انفراسٹرکچر میں بہتری کے بعد پلاٹوں کو نیلامی اور جز وی کے لیے بھی مارکیٹ میں لایا جائے گا۔ اقدامات کا مقصد ایف ٹی سی جوہر ٹاؤن کا ماسٹر پلان کے مطابق تحفظ یقینی بنانا ہے۔ ایف ٹی سی جوہر ٹاؤن کو رواں سال قومی و بین الاقوامی سرمایہ کاری کے لیے جلد پیش کیا جائے گا۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے ایف ٹی سی کے تمام کمرشل پلاٹوں کی پلاٹنگ کا جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے اپہرہ مال کے اطراف غیر قانونی پارکنگ ختم کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر چیف آفیسر ایل ڈی اے اسرار سعید، ایم ڈی واسا غضنفر احمد اور پراجیکٹ ڈائریکٹر موجود تھے

کہ کمپیٹیشن رائٹ، کنٹریکٹ ہارس اینڈ کیٹل شوارحشن ہارس کے ووٹس کے لیے جامع کمپیوٹرائزڈ پلان تشکیل دیا جائے

اس کے ساتھ ساتھ کرکٹ میچوں کے دوران اور ووٹس کے مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر سرکاری اینڈ کمرشل آپریٹرز کنٹرکٹ کیا جائیں

لاہور (کرائم رپورٹر) سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ کمپیٹیشن رائٹ، کنٹریکٹ ہارس اینڈ کیٹل شوارحشن ہارس کے ووٹس کے لیے جامع کمپیوٹرائزڈ پلان تشکیل دیا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ کرکٹ میچوں کے دوران اور ووٹس کے مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر سرکاری اینڈ کمرشل آپریٹرز کنٹرکٹ کیا جائیں۔ سٹیشن ہاؤس پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژن کی ماہوار کرائم کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے بلال صدیق کمیانہ نے ایس ایس پی (آپریشنز) کو سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کمپیٹیشن رائٹ، کنٹریکٹ ہارس اینڈ کیٹل شوارحشن ہارس کے ووٹس کے لیے جامع کمپیوٹرائزڈ پلان تشکیل دیا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ کرکٹ میچوں کے دوران اور ووٹس کے مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر سرکاری اینڈ کمرشل آپریٹرز کنٹرکٹ کیا جائیں۔ سٹیشن ہاؤس پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژن کی ماہوار کرائم کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ ووٹس کے مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر سرکاری اینڈ کمرشل آپریٹرز کنٹرکٹ کیا جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کمپیٹیشن رائٹ، کنٹریکٹ ہارس اینڈ کیٹل شوارحشن ہارس کے ووٹس کے لیے جامع کمپیوٹرائزڈ پلان تشکیل دیا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ کرکٹ میچوں کے دوران اور ووٹس کے مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر سرکاری اینڈ کمرشل آپریٹرز کنٹرکٹ کیا جائیں۔ سٹیشن ہاؤس پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژن کی ماہوار کرائم کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3)15 جنوری 2025ء

معیاری اشیاءِ خورونوش مقررہ نرخوں پر فراہمی ترجیح، ڈپٹی کمشنر

اس مقصد کے لیے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کو متحرک کردار ادا کرتے ہوئے گرانفروشی اور ذخیرہ اندوزی جیسے مسائل پر قابو پانے کے لیے بھرپور کارروائیاں جاری رکھنی ہوں گی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور نے کہا ہے کہ عوام کو معیاری اشیاء خورد ونوش مقررہ نرخوں پر فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کو متحرک کردار ادا کرتے ہوئے گرانفروشی اور ذخیرہ اندوزی جیسے مسائل پر قابو پانے کے لیے بھرپور کارروائیاں جاری رکھنی ہوں گی تا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے زمینی حقائق کے مطابق اقدامات نظر آئیں۔ وہ یہاں منٹگمری ہال میں ضلع بھر کے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں ضلع کے مختلف علاقوں میں قیمتوں کی صورتحال، گرانفروشی کے خلاف کی گئی کارروائیوں اور عوامی شکایات کے حل کے حوالے سے تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ اجلاس میں افسران کو تاکید کی گئی کہ وہ مقررہ نرخوں پر اشیاء کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بازاروں، دکانوں اور مارکیٹوں کے مسلسل دورے کریں اور قوانین پر عمل نہ کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کریں۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور نے کہا کہ عوام کو سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مجسٹریٹس اپنی کارروائیوں کی روزانہ رپورٹ مرتب کریں اور عوامی شکایات کے فوری حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں کو قابو میں رکھنے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مربوط حکمت عملی اپنانا ہوگی تا کہ ان اقدامات کے اثرات عوام تک پہنچ سکیں۔ اجلاس ضلع بھر کے تمام سپیشل پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کو ان کے کردار کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے مزید متحرک ہونے کی تلقین کی۔

ٹریفک پولیس اور موٹروے پولیس کی طرف سے روڈ سیفٹی کے حوالے سے جاری آگاہی مہم

روڈ سیفٹی آگاہی کے حوالے سے کی گئی عملی کوششیں بے سود ہوتی دکھائی دے رہی ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ٹریفک پولیس اور موٹروے پولیس کی طرف سے روڈ سیفٹی کے حوالے سے جاری آگاہی مہم اچانک بند کر دی گئی ہے اور گزشتہ کئی روز سے اس سلسلہ میں کوئی عملی کاوش سامنے نہیں آئی جس سے گزشتہ چند ماہ میں روڈ سیفٹی آگاہی کے حوالے سے کی گئی عملی کوششیں بے سود ہوتی دکھائی دے رہی ہیں توقع کی جا رہی تھی کہ ٹریفک پولیس اور موٹروے پولیس اس آگاہی مہم کو مزید فعال بنا کر اس کا دائرہ کار وسیع کرے گی اور تعلیمی اداروں کے ساتھ ساتھ دیگر شعبوں سے وابستہ افراد کو بھی آگاہی فراہم کر کے روڈ سیفٹی اصولوں اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کا شعور اجاگر کیا جائے گا مگر گزشتہ کئی روز سے آگاہی مہم کو پس پشت ڈال دیا گیا ہے اسی طرح موٹر سائیکل کی سواری کرتے وقت ہیلمنٹ کے استعمال کی آگاہی مہم کے سلسلہ میں بھی کوئی کردار ادا نہیں کیا جا رہا ٹریفک پولیس مہینہ بھر میں ایک دو روز ضلع کے مصروف روڈز پر مختلف مقامات پر ناکے لگا کر ہیلمنٹ استعمال نہ کرنے والے شہریوں کے چالان کر کے ماہانہ ریکوری کے اہداف کی تکمیل تک محدود ہو کر رہ گئی ہے اور شہریوں میں ہیلمنٹ کے استعمال کے فوائد کا شعور اجاگر نہیں کیا جا رہا، ذرائع کے مطابق ٹریفک پولیس نے روڈ سیفٹی آگاہی مہم اور ہیلمنٹ کے استعمال کا شعور اجاگر کرنے کی خاطر کوئی پمفلٹ مرتب نہیں کیا جسے آگاہی مہم کے تحت شہریوں میں تقسیم کیا جا سکے جو ٹریفک پولیس حکام کی غیر سنجیدگی کا کھلا ثبوت ہے اسی طرح موٹروے پولیس بھی آگاہی مہم کے حوالے سے خاطر خواہ کردار ادا نہیں کر رہی

ضلع میں بجلی کے ساتھ ساتھ گیس کی لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ بھی مزید بڑھ گیا

صبح کے وقت سکولز، کالجز جانے والے طلباء وطالبات اور فیکٹریز و دفاتر میں ملازمت کے اوقات میں پریشانی کا سامنا

امور خانہ داری درہم برہم ہو چکے ہیں جنہیں کھانا پکانے کیلئے ایل پی جی گیس اور لکڑیاں جلانا پڑ رہی ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ضلع میں بجلی کے ساتھ ساتھ گیس کی لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ بھی مزید بڑھ گیا ہے جس کے باعث صبح کے وقت سکولز، کالجز جانے والے طلباء و طالبات اور فیکٹریز و دفاتر میں ملازمت کرنے والے شہریوں سمیت تاجروں و مختلف شعبوں کے مزدوروں کو بغیر ناشتہ کئے گھروں سے روانہ ہونا پڑ رہا ہے گیس لوڈ شیڈنگ کے باعث شہری غیر معیاری ناشتہ ہوٹلوں اور ٹھیلوں سے خرید کر کھانے پر مجبور ہیں، شہریوں کے مطابق بعض علاقوں میں بھی روز سے سوئی گیس یکسر غائب ہے جس سے ان علاقوں کے باسیوں کے امور خانہ داری درہم برہم ہو چکے ہیں جنہیں کھانا پکانے کیلئے ایل پی جی گیس اور لکڑیاں جلانا پڑ رہی ہیں جبکہ بعض شہری ہوٹلز کا رخ کرنے پر مجبور ہیں جہاں مہنگے داموں انہیں غیر معیاری کھانا خریدنا پڑ رہا ہے جس سے شہری نہایت عاجز آ چکے ہیں حالانکہ صارفین گیس بلز باقاعدگی سے ادا کر رہے ہیں اور گزشتہ دو ماہ سے ایک طرف انہیں گیس قسمت سے میسر آئی ہے تو دوسری طرف ماہانہ بلز بھی معمول سے ہٹ کر موصول ہوئے ہیں جنہیں بعض افراد نے گھر بیلو اشیاء فروخت کر کے ادا کیا ہے

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ڈی پی او کی زیر نگرانی اینٹی ریپ سیمینار

آگاہی سیمینار میں ڈی ایس پی لیگل، ڈی ایس پی انوسٹی گیشن، پراسیکیوشن آفیسر، تفتیشی افسران لیڈیز اہلکاروں اور دفتری عملہ نے شرکت کی



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق خواتین کیخلاف جرائم میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ڈی پی او آفس میں اینٹی ریپ ایکٹس کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ آگاہی سیمینار میں ڈی ایس پی لیگل، ڈی ایس پی انوسٹی گیشن، پراسیکیوشن آفیسر، تفتیشی افسران لیڈیز اہلکاروں اور دفتری عملہ نے شرکت کی۔ ڈی ایس پی لیگل، ڈی ایس پی انوسٹی گیشن اور پراسیکیوشن آفیسر نے تفتیشی افسران کو اینٹی ریپ ایکٹ کے حوالے لیکچر دیے۔ افسران نے تفتیشی امور میں نقائص کی نشاندہی کرتے معیار تفتیش بہتر بنانے کے حوالے سے ہدایات دیں۔ تفتیشی افسران کو دوران تفتیش شہادتوں کو پیشہ ورانہ انداز میں محفوظ کرنے اور عدالت میں بطور ثبوت پیش کرنے کے حوالے سے آگاہی دی گئی۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ تربیتی ورکشاپ کا مقصد ریپ کیس جیسے سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کو معیاری تفتیش سے قرار واقعی سزائیں دلوانا ہے۔

جرائم میں ملوث ملزمان کو کیفرِ کردار تک پہنچانے کیلئے عملی اقدامات جاری

ڈی پی او آفس میں اینٹی ریپ ایکٹس کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق خواتین کیخلاف جرائم میں ملوث ملزمان کو کیفرِ کردار تک پہنچانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ڈی پی او آفس میں اینٹی ریپ ایکٹس کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ آگاہی سیمینار میں ڈی ایس پی لیگل، ڈی ایس پی انوسٹی گیشن، پراسیکیوشن آفیسر، تفتیشی افسران لیڈیز اہلکاروں اور دفتری عملہ نے شرکت کی۔ ڈی ایس پی لیگل، ڈی ایس پی انوسٹی گیشن اور پراسیکیوشن آفیسر نے تفتیشی افسران کو اینٹی ریپ ایکٹ کے حوالے لیکچر دیے۔ افسران نے تفتیشی امور میں نقائص کی نشاندہی کرتے معیار تفتیش بہتر بنانے کے حوالے سے ہدایات دیں۔ تفتیشی افسران کو دوران تفتیش شہادتوں کو پیشہ ورانہ انداز میں محفوظ کرنے اور عدالت میں بطور ثبوت پیش کرنے کے حوالے سے آگاہی دی گئی۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ تربیتی ورکشاپ کا مقصد ریپ کیس جیسے سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کو معیاری تفتیش سے قرار واقعی سزائیں دلوانا ہے۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل کے احکامات پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر قاسم رضا کی سربراہی میں فوڈ بزنسز کی چیکنگ کا عمل جاری

حشرات کی موجودگی اور ملازمین کے میڈیکل و ٹریننگ سرٹیفکیٹس کی عدم دستیابی جیسے سنگین مسائل پائے گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل کے احکامات پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر قاسم رضا کی سربراہی میں فوڈ بزنسز کی چیکنگ کا عمل جاری ہے۔ سٹی ایریا میں 97 فوڈ پوائنٹس اور دودھ سپلائرز کی چیکنگ مکمل کی گئی، حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی پر 50 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ کارروائی کے دوران 1 من سے زائد ممنوعہ اور ایکسپائر اشیاء بشمول کولڈ ڈرنکس تلف کر دی گئیں۔ علی الصبح ناکہ بندی کے دوران 44 دودھ بردار گاڑیوں میں موجود 6800 لیٹر دودھ کی چیکنگ کی گئی۔ خوراک کی تیاری میں ممنوعہ اشیاء کا استعمال، صفائی کے ناقص انتظامات، حشرات کی موجودگی اور ملازمین کے میڈیکل و ٹریننگ سرٹیفکیٹس کی عدم دستیابی جیسے سنگین مسائل پائے گئے۔ ایکسپائر اشیاء کو فریش سٹاک کے ساتھ فروخت کے لیے رکھا گیا تھا۔ ترجمان فوڈ اتھارٹی کے مطابق ملاوٹ مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ عوام سے اپیل ہے کہ ملاوٹ مافیا کی اطلاع پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہیلپ لائن 1223 پر دیں۔

کامونکی کے رہائشی چوہدری ذوالفقار اولکھ کی زمین پر قبضہ، مقدمہ تھانہ کوتوالی فیصل آباد میں درج

چک نمبر 110 ج ب جھمرہ ڈپٹی والا میں 17 کنال اور 12 مرلے رقبہ حامد اللہ اور ظفر ارشاد سے خرید کیا تھا

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) کامونکی کے رہائشی چوہدری ذوالفقار اولکھ کی زمین پر قبضے کا سنگین معاملہ سامنے آیا ہے۔ متاثرہ شخص کے مطابق انہوں نے چک نمبر 110 ج ب جھمرہ ڈپٹی والا میں 17 کنال اور 12 مرلے رقبہ حامد اللہ اور ظفر ارشاد سے خرید کیا تھا، جس کا سودا اقرار نامے کے تحت محمد جاوید ولد محمد شریف کے ساتھ طے پایا۔ چوہدری ذوالفقار کے بیان کے مطابق اقرار نامہ محمد وسیم ارشد ولد مختار احمد نے تحریر کیا تھا اور محمد جاوید کو گواہ بنایا گیا تھا۔ متاثرہ شخص کا کہنا ہے کہ انہوں نے اقرار نامے کے مطابق تمام ادائیگیاں مکمل کر دیں اور دیے گئے چیک بھی مقررہ تاریخ پر کیش ہو گئے، لیکن اس کے باوجود ملزم وسیم ارشد اور دیگر افراد نے مبینہ طور پر ایک قبضہ گروپ کے ذریعے زمین پر قبضہ کر لیا اور ان کے ملازمین کو زبردستی بے دخل کر دیا۔ چوہدری ذوالفقار نے الزام عائد کیا کہ ملزمان نے اقرار نامے میں رد و بدل کر کے اسے ٹمپر کر دیا اور زمین پر ناجائز قبضہ جما لیا۔ متاثرہ شخص کی درخواست پر مقدمہ تھانہ کوتوالی فیصل آباد میں درج کر لیا گیا ہے



ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ کا ایک اجلاس زیر صدارت شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ منعقد ہوا

جوائنٹ سیکریٹری شورش آزاد، سرپرست ڈاکٹر انوار مہدی شاہد وقار سلارہ و دیگر ممبران نے شرکت کی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ کا ایک اجلاس زیر صدارت شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ منعقد ہوا جس میں نائب صدر میاں محمد یوسف خیالی ایڈووکیٹ، ایگزیکٹو ملک الطاف حسین، جنرل سیکریٹری ڈاکٹر خالد یاسین، فنانس سیکریٹری راجہ ریاض احمد خان، جوائنٹ سیکریٹری شورش آزاد، سرپرست ڈاکٹر انوار مہدی شاہد وقار سلارہ و دیگر ممبران نے شرکت کی اجلاس میں دریائے چناب کی دونوں پلوں کی حالت زار پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جب سے غلام رسول اینڈ کمپنی نے دونوں پلوں کو ازسرنو تعمیر کیا تو اس وقت سے لے کر آج تلک اس کی مناسبت دیکھ ریکھ نہ ہونے کی وجہ سے پل کی دونوں اطراف کی سڑکیں ٹول پلازے تک ناہموار ہو چکی ہیں بھاری بھرکم اوورلوڈ ڈوزن والے ڈمپر و گنے کی ٹرالیاں گزرنے سڑک کا پل کے درمیانی تباہ ہو چکے ہیں تیز رفتار گاڑیوں کے گزرنے سے مزید وہ خراب ہو گئی ہے سڑکات کی اتنی خرابی کے باوجود بھی محکمہ ہائی وے نے چپ سادھ لی ہے پل پر گزرنے کے لئے ہر گاڑی کو ہیوی ٹول ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے

مولائے کائنات کو حضور نے علم کا دروازہ سے تشبیہ دی۔ زوالفقار زکریا کھانڈ

سیالکوٹ (بیورو چیف) داماد رسول مولیٰ علی کا لقب اسد اللہ یعنی اللہ کا شیر ہے۔ شاف علی کھانڈ خلیفہ چہارم داماد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یوم ولادت کے موقع پر ''جشن مولود کعبہ'' کے دن کی مناسبت سے جناح کا پاکستان کے سینٹرل گورنر شاف علی کھانڈ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ سیالکوٹ میں دی نالج ان سکول میں سادہ مگر پروقار تقریب کا انعقاد ہوا جس میں شیر خدا مولائے کائنات حضرت علی رضہ اللہ عنہہ کے فضائل پر روشنی ڈالتے ہوئے پروفیسر زوالفقار علی زکریا کھانڈ اور جناح کا پاکستان کے سینٹرل گورنر حافظ شاف علی کھانڈ نے دوران خطاب کہا کہ پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں علم کا شہر اور علی اس شہر کا دروازہ ہے۔

پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی 1 کلو ہیروئین اور تقریباً 100 لیٹر دیسی شراب برآمد 3 ملزمان گرفتار مقدمات درج

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی 1 کلو ہیروئین اور تقریباً 100 لیٹر دیسی شراب برآمد 3 ملزمان گرفتار مقدمات درج تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی ہدایت اور ایس ڈی پی او سرکل مرید کے غلام مرتضیٰ ڈوگر کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر سید ظہیر عالم شاہ نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم اعجاز مسیح سے 1 کلو 40 گرام ہیروئین اور ذوالفقار وغیرہ سے تقریباً 100 لیٹر شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ نارنگ ظہیر عالم شاہ کا کہنا تھا کہ شہری منشیات فروشی کے خاتمے کیلئے پولیس کا ساتھ دیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے حکم پر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر نگرانی شیخوپورہ پولیس جرائم کے خاتمے کیلئے کوشاں ہے ان شاء اللہ علاقے کو جرائم فری بنا کر جرائم پیشہ افراد کو بھاگنے پر مجبور کر دیں گے نوجوان نسل کو تباہ کرنے والے منشیات فروشوں کا خاتمہ میری اولین ترجیح ہے

انڈسٹریل زون منصوبہ کھیاڑے کلاں کینسل کروانے پر ننکانہ صاحب کی عوام بے چینی کا شکار سوشل میڈیا پر احتجاج جاری

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) انڈسٹریل زون منصوبہ کھیاڑے کلاں کینسل کروانے پر ننکانہ صاحب کی عوام بے چینی کا شکار سوشل میڈیا پر احتجاج جاری لوگوں کی سڑکوں پر نکلنے کی کالیں ننکانہ صاحب بریگیڈیئر اعجاز احمد شاہ سابق وزیر داخلہ نے قریبی گاؤں کھیاڑے کلاں کی حدود میں نالہ ڈیک اور موٹروے انٹرچینج کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک انڈسٹریل زون کا منصوبہ منظور کروایا اور اس پر کاغذی کاروائی مکمل ہوئی اس منصوبہ میں پانچ سو کے قریب چھوٹی بڑی انڈسٹری بنائی جانی تھی جس میں بالخصوص ضلع ننکانہ اور بالعموم ملک بھر کے نوجوانوں کا روزگار وابستہ تھا لیکن جیسے ہی مسلم لیگ ن کی حکومت آتے ہی مقامی جاگیردار نے ایم این اے اور ایم پی اے کی سفارش پر یہ منصوبہ کینسل کروا دیا جس سے ارد گرد کے لوگوں میں بے چینی کی لہر دوڑ گئی شہر بھر کے سوشل میڈیا ایکٹیوس نے سوشل میڈیا پر طوفان برپا کر دیا

محکمہ ہیلتھ کی نااہلی اور لاپرواہی کی وجہ سے گیمبر قادر آباد کے میڈیکل سٹور منشیات فروشی کے اڈے بن گئے

ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ہیلتھ نے اپنی آنکھیں بند کر لیں صوبائی وزیر صحت سے نوٹس کا مطالبہ

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) محکمہ ہیلتھ کی نااہلی اور لاپرواہی کی وجہ سے گیمبر قادر آباد کے میڈیکل سٹور منشیات فروشی کے اڈے بن گئے سرعام نشئی ادویات سیل ہونے لگی ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ہیلتھ نے اپنی آنکھیں بند کر لیں صوبائی وزیر صحت سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ہیلتھ ساہیوال کے نااہل افسران کی وجہ سے گیمبر قادر آباد اور اس کے گردونواح کے میڈیکل سٹور منشیات فروشی کے اڈے بن گئے میڈیکل سٹور مالکان سرعام نشئی اور ممنوع ادویات سیل کرنے لگے لیکن بدقسمتی سے ڈرگ انسپکٹر اور محکمہ ہیلتھ کے افسران نے اپنی آنکھیں بند کر کے فوٹیشن کرنے کے بعد سب اوکے کی رپورٹ پیش کرنا شروع کر دی جس کی وجہ سے گیمبر قادر آباد کی عوام میں شدید تشویش کی لہر گیمبر قادر آباد کی عوام کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز صوبائی وزیر صحت کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر قادر آباد میں نشئی اور ممنوع ادویات سیل کرنے والے میڈیکل سٹور مالکان کے خلاف قانونی کاروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور ان کے میڈیکل سٹور کے لائسنس کینسل کیے جائیں

کسان، زمیندار حکومت کی زرعی ایمرجنسی کھاد، بیج، مشینری، ٹریکٹر اور دیگر سہولیات پر دی جانے والی خصوصی سبڈی سے گندم کی پیداوار میں ریکارڈ اضافہ کر سکتے ہیں



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت حافظ آباد محمد یوسف نے کہا ہے کہ کسان، زمیندار حکومت کی زرعی ایمرجنسی کھاد، بیج، مشینری، ٹریکٹر اور دیگر سہولیات پر دی جانے والی خصوصی سبڈی سے گندم کی پیداوار میں ریکارڈ اضافہ کر سکتے ہیں۔ گندم کی زیادہ پیداوار سے جہاں کسان خوشحال ہوگا تو وہی شعبہ زراعت ترقی اور ملکی معیشت میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے ان خیالا ت کا اظہار نواحی گاؤں سوئیانوالہ میں زیادہ گندم اُگاؤ کے سلسلہ میں معلوماتی کسان سیمینا رسے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ سابق چیئرمین یونین کونسل چودھری بشارت علی چٹھہ، محکمہ زراعت کے افسران، زرعی ماہرین اور مقامی کاشتکاروں کی بڑی تعداد نے سیمینار میں شرکت کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت محمد یوسف کا کہنا تھا کہ ملکی معیشت ترقی اور خوشحالی کا زیادہ تر دارومدار شعبہ زراعت سے منسلک ہے۔ اسی لیے حکومت پنجاب کی جانب سے زرعی شعبہ کی مزید ترقی اور کسانوں، زمینداروں کی خوشحالی اور زیادہ منافع کے لیے بہت سے فلاحی اقدامات شروع کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گرین ٹریکٹر کسان کارڈ کے ذریعے کھادوں، بیج سمیت جدید زرعی مشینری و آلات پر خصوصی سبڈی سے کسانوں کو ملکی تاریخ کا سب سے زیادہ سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر میں زیادہ گندم اُگاؤ مقابلہ جات میں بھی کسانوں کو لاکھوں روپے کے انعامات دیئے جا رہے ہیں، اس لیے کسان، زمیندار محکمہ زراعت کے زرعی ماہرین کے مشوروں اور جدید طریقہ کاشت پر عمل کرتے ہوئے گندم کی پیداوار میں اضافہ کریں جس سے انہیں زیادہ منافع حاصل ہو گا اور شعبہ زراعت بھی ترقی کریگا۔

ڈپٹی کمشنر نے جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا

ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، پائیداری اور شفافیت اولین ترجیح ہے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راو نے جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ننکانہ تا شاہ کوٹ 28 کلومیٹر طویل روڈ کی تکمیل کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے شاہ کوٹ تا صفدر آباد 17 کلومیٹر روڈ پر جاری کام کا بھی جائزہ لیا، ڈی سی نے ری ویمپنگ کا جائزہ لینے کے لیے بنیادی مرکز صحت پنواں قاد کا دورہ کیا۔ متعلقہ اداروں کے افسران نے جاری ترقیاتی منصوبوں بارے ڈی سی ننکانہ کو تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو نے ایکسین ہائی وے کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ننکانہ، شاہ کوٹ روڈ پر لین مارکنگ اور کیرا ٹائر لگانے کا عمل جلد مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں سڑکات کی بحالی اور ہسپتالوں کی ری ویمپنگ کا عمل تیزی سے جاری ہے، حکومت پنجاب نے ضلع ننکانہ صاحب میں اربوں روپے کی لاگت سے میگا پراجیکٹ شروع کر رکھے ہیں، حکومت پنجاب عوام الناس کو طبی اور سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام تر اقدامات کر رہی ہے۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، پائیداری اور شفافیت اولین ترجیح ہے۔

امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے جشن ولادت کے موقع پر جامع مسجد شرقیہ میں صدر تنظیم علما اہلسنت قاری محمد خالد چشتی کے زیر اہتمام محفل ذکر مولا علی کا انعقاد

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے جشن ولادت کے موقع پر جامع مسجد شرقیہ میں صدر تنظیم علما اہلسنت قاری محمد خالد چشتی کے زیر اہتمام محفل ذکر مولا علی کا انعقاد کیا گیا جس میں علامہ طالب شاکر اور قاری محمد خالد چشتی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضرت علی المرتضیٰ متقین اور اولیا کے امام ہیں ولایت آپ کے گھر سے ہی شروع ہوئی آپ رضی اللہ عنہ اور آپ کے اہلخانہ نے فقر اختیار کیا امت کو درس دیا کہ سب کچھ راہ خدا میں لٹا کر اس کی رضا میں راضی رہنا ہے آپ کی اولاد میں آپ کی تربیت کا ہی اثر تھا کہ کربلا کے میدان میں جرآت و بہادری کی ایسی داستان رقم کی جس کی مثال قیامت تک نہیں ملے گی

پریس کلب شیخوپورہ کے سابق وائس چیئرمین بزرگ صحافی حاجی محمد ندیم شیخ مرحوم کی یاد میں ایک نشست کا اہتمام کیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پریس کلب شیخوپورہ کے سابق وائس چیئرمین بزرگ صحافی حاجی محمد ندیم شیخ مرحوم کی یاد میں ایک نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں ان کی پریس کلب اور صحافی برادری کی فلاح و بہبود کیلئے خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انکے صحافتی سفر پر روشنی ڈالی گئی اس موقع پر حاجی محمد ندیم شیخ مرحوم کے صاحبزادے رکن مجلس عاملہ حاجی یاسر ندیم شیخ، حاجی خالد محمود شیخ گلزار احمد خٹک وائس چیئرمین پریس کلب حاجی عبدالحمید بھٹی، میاں یاسر ندیم، سید علی معظم رضوی، میاں شہباز حنیف، میاں عاقب، غضنفر خان لودھی نے شرکت کی۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے جشن ولادت کے موقع پر جشن کا اہتمام

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے جشن ولادت کے موقع پر مصطفائی تحریک نارنگ کے زیر اہتمام جنرل سیکرٹری مشتاق احمد انصاری کے ڈیرے پر جشن کا اہتمام کیا گیا جس میں صدر راشد نواز اعوان شہباز چوہان ملک تنویر سجاد بٹ واجد جٹھول صوفی ریاض عادل بھٹی نواز انصاری وقار انصاری سمیت اہل علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی شرکاء نے امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اسلام کیلئے بے شمار خدمات ہیں جس پر انہیں سلام پیش کرتے ہیں آپ رضی اللہ عنہ نے اسلام کیلئے بے شمار جنگیں لڑیں اور عظیم فتوحات دلوائیں خلفائے ثلاثہ کے ادوار میں بھی بہترین خدمات سرانجام دیں آپ کی بصیرت اور شجاعت کو سلام پیش کرتے ہیں۔

حافظ نعیم الرحمن امیر جماعت اسلامی پاکستان کی اپیل پر ملک بھر کی طرح ضلع سیالکوٹ میں بھی بجلی کے ٹیرف میں کمی نہ کرنے پر 17 جنوری کو احتجاجی مظاہرے کئے جائیں گے

سیالکوٹ (بیورو چیف) حافظ نعیم الرحمن امیر جماعت اسلامی پاکستان کی اپیل پر ملک بھر کی طرح ضلع سیالکوٹ میں بھی بجلی کے ٹیرف میں کمی نہ کرنے پر 17 جنوری کو احتجاجی مظاہرے کئے جائیں گے۔ امیر ضلع جماعت اسلامی چوہدری امتیاز احمد بریار نے حافظ نعیم الرحمن کی طرف سے عوامی حقوق کی آواز بلند کرنے کا خیر مقدم کیا ہے اور حکومت کو یاد دلایا ہے کہ وہ راولپنڈی دھرنے کے بعد کئے گئے معاہدے کے مطابق عوام کو ریلیف دے۔

کرپشن زدہ معاشرے کبھی پھلتے پھولتے نہیں۔ امتیاز علی وریاہ

سیالکوٹ (بیورو چیف) کرپشن زدہ معاشرے کبھی پھلتے پھولتے نہیں۔ امتیاز علی وریاہ پھول کو دیانتداری و انسانیت کا درس دیجئے۔ سابق صدر سٹی ہاؤسنگر پشن کمی بھی ملک و معاشرے کیلئے ناسور اور زرقاتل ہے جو انسان نہیں نسلیں تباہ کر دیتی ہے۔ وطن عزیز میں کرپشن ہر دور میں رہی ہے من حیث القوم قیام پاکستان سے لیکر آج تلک ملک کا ترقی یافتہ نہ ہو پانے کی بنیادی وجوہات میں ایک وجہ کرپشن ہے۔ ان باتوں کا اظہار صحافیوں کیساتھ ایک فکری نشست کے دوران چوہدری امتیاز علی وریاہ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن کے عادی لوگوں کے گھر سے بیماریوں کا خاتمہ نہیں ہوتا جبکہ اکثر اپنی اولاد بھی نافرمان ہوتی ہے۔ لیکن لوگوں کو سمجھ دیر سے یا آتی ہی نہیں ہے۔ بچوں کو دیانتداری اور ایمانداری کی اہمیت سکھائیں اور انہیں دنیاوی علوم کیساتھ شعائر اسلام و مسلمانوں کی اعلیٰ اقدار و تہذیب سے آشکار کریں۔ بچوں کیساتھ مہینے میں ایک ایسی نشست کریں جس میں انہیں اسوہ نبوی بارے آگاہی کیساتھ اخلاقی اقدار سکھائیں۔

چائلڈ لیبر ساہیوال کے آفیسر چودری اقبال کے والد رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے

نمیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) انتقال پر ملال چائلڈ لیبر ساہیوال کے آفیسر چودری اقبال کے والد رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے جن کو ان کی آبائی گاؤں چک نمبر 75 فائیو آر فارم میں سپرد خاک کر دیا گیا قادر آباد کے تاجر پیر اقبال شاہ کی زوجہ اور پیر طاہر شاہ کی والدہ رضائے الٰہی سے انتقال کر گئی جن کو ان کے آبائی گاؤں چک نمبر 56 فائیو ایل قادر آباد میں سپرد خاک کر دیا گیا اللہ تعالیٰ مرحومین کے درجات بلند فرمائے اور انہیں مغفرت عطا فرمائے نمیمبر پریس کلب رجسٹرڈ لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے

ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ کا ایک اجلاس زیر صدارت شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ منعقد ہوا

جوائنٹ سیکریٹری شورش آزاد، سرپرست ڈاکٹر انوار مہدی شاہد وقار سلار

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاکستان بنگلہ دیش باہمی تجارت پر اتفاق

پاکستان کے ایف پی سی سی آئی تجارتی وفد نے 12 سال بعد بنگلہ دیش کا دورہ کیا جہاں دوطرفہ اقتصادی روابط اور سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیا گیا۔ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ کی زیر قیادت تجارتی وفد نے بنگلہ دیش کے وزیر تجارت شیخ بشیر الدین سے ملاقات کی۔ عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ یہ ایک نئے دور کا آغاز ہے، آزمائش کے ہر موقع پر بنگلہ دیش کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ حسینہ واجد بنگلہ دیش میں جب بھی اقتدار میں آئیں ان کی طرف سے پاکستان اور بنگلہ دیش کے مابین تعلقات میں بگاڑ پیدا ہوگیا۔ اس خاندان کی طرف سے دونوں ممالک کے مابین نفرتیں پیدا کی گئی تھیں۔ ان کے ہر دور میں ان نفرتوں میں اضافہ ہی ہوتا رہا۔ ان کے بنگلہ دیش سے بھاگنے کے بعد پاکستان اور بنگلہ دیش ایک دوسرے کے قریب آنا شروع ہوگئے ہیں۔ دو روز قبل بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر محمد اقبال خان نے لاہور چیمبرز آف کامرس کے دورے کے موقع پر اپنے خطاب میں کہا تھا کہ بنگلہ دیش کے عوام پاکستانی عوام سے محبت کا رشتہ رکھنا چاہتے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان تعاون بڑھانا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش نے پاکستانیوں کیلئے ویزا شرائط بہت آسان کر دی ہیں اور اب پاکستان کے شہری بنگلہ دیش کا ویزا آن لائن بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ پاکستان بنگلہ دیش تعلقات کے حوالے سے اب مزید پیشرفت سامنے آئی ہے۔ پاکستانی تجارتی وفد سے گفتگو میں وزیر تجارت شیخ بشیر الدین نے بھی کہا کہ پاکستان کے ساتھ مل کر اقتصادی، معاشی، سرمایہ کاری، انڈسٹریل، کاروباری اور تجارتی مواقع تلاش کریں گے۔ پاکستانی تجارتی وفد اور بنگلہ دیشی وزیر تجارت کے مابین ملاقات میں باہمی تجارت بڑھانے پر اتفاق ہوا۔ ان کی طرف سے وعدہ کیا گیا کہ پاکستانی کمپنیوں کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ چند سال قبل پاکستان میں دہشت گردی کے باعث حالات بہت بگڑ گئے تھے۔ پاکستان سے بہت سے سرمایہ کاروں نیٹ نگلہ دیش میں اپنے کاروبار منتقل کر لیے تھے۔ اب پاکستان میں صورتحال کافی بہتر ہوگئی ہے لہذا باہمی سرمایہ کاری کا تقاضہ ہے کہ بنگلہ دیش کے تاجر بھی پاکستان آکر سرمایہ کاری کریں۔ اگر اسکے جنونی ہاتھ نہ روکے گئے تو اسکے ہاتھوں اس کرہ ارض کی تباہی زیادہ دور کی بات نہیں۔

پاکستان کے ایف پی سی سی آئی تجارتی وفد نے 12 سال بعد بنگلہ دیش کا دورہ کیا جہاں دوطرفہ اقتصادی روابط اور سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیا گیا۔ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ کی زیر قیادت تجارتی وفد نے بنگلہ دیش کے وزیر تجارت شیخ بشیر الدین سے ملاقات کی۔ عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ یہ ایک نئے دور کا آغاز ہے، آزمائش کے ہر موقع پر بنگلہ دیش کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ حسینہ واجد بنگلہ دیش میں جب بھی اقتدار میں آئیں ان کی طرف سے پاکستان اور بنگلہ دیش کے مابین تعلقات میں بگاڑ پیدا ہوگیا۔ اس خاندان کی طرف سے دونوں ممالک کے مابین نفرتیں پیدا کی گئی تھیں۔ ان کے ہر دور میں ان نفرتوں میں اضافہ ہی ہوتا رہا۔ ان کے بنگلہ دیش سے بھاگنے کے بعد پاکستان اور بنگلہ دیش ایک دوسرے کے قریب آنا شروع ہوگئے ہیں۔ دو روز قبل بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر محمد اقبال خان نے لاہور چیمبرز آف کامرس کے دورے کے موقع پر اپنے خطاب میں کہا تھا کہ بنگلہ دیش کے عوام پاکستانی عوام سے محبت کا رشتہ رکھنا چاہتے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان تعاون بڑھانا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش نے پاکستانیوں کیلئے ویزا شرائط بہت آسان کر دی ہیں اور اب پاکستان کے شہری بنگلہ دیش کا ویزا آن لائن بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ پاکستان بنگلہ دیش تعلقات کے حوالے سے اب مزید پیشرفت سامنے آئی ہے۔ پاکستانی تجارتی وفد سے گفتگو میں وزیر تجارت شیخ بشیر الدین نے بھی کہا کہ پاکستان کے ساتھ مل کر اقتصادی، معاشی، سرمایہ کاری، انڈسٹریل، کاروباری اور تجارتی مواقع تلاش کریں گے۔ حوصلہ افزا امر یہ ہے کہ تجارتی وفد اور بنگلہ دیشی وزیر تجارت کے مابین ملاقات میں باہمی تجارت بڑھانے پر اتفاق ہوا۔ ان کی طرف سے وعدہ کیا گیا کہ پاکستانی کمپنیوں کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ چند سال قبل پاکستان میں دہشت گردی کے باعث حالات بہت بگڑ گئے تھے۔ پاکستان سے بہت سے سرمایہ کاروں نیٹ نگلہ دیش میں اپنے کاروبار منتقل کر لیے تھے۔ اب پاکستان میں صورتحال کافی بہتر ہوگئی ہے لہذا باہمی سرمایہ کاری کا تقاضہ ہے کہ بنگلہ دیش کے تاجر بھی پاکستان آکر سرمایہ کاری کریں۔ اگر اسکے جنونی ہاتھ نہ روکے گئے تو اسکے ہاتھوں اس کرہ ارض کی تباہی زیادہ دور کی بات نہیں۔

ہاتھی گھر اور بچوں کی چھٹیاں

اگورنمنٹ صادق عباس مڈل سکول ڈیرہ نواب صاحب جو آج گورنمنٹ ہائی اسکول بن چکا ہے۔ غالبا "ساٹھ کی دہائی میں بہاولپور کا سب سے خوبصورت اسکول ہونے کیساتھ ساتھ بہترین رزلٹ دینے والا اسکول کہلاتا تھا۔ اپنی صاف ستھرائی اور تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کے میدان میں بھی نمائیاں کامیابیوں کا حامل یہ اسکول قائم تو آج بھی ویسے ہی ہے مگر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وہ ایک خاص اور منفرد اسکول سے دوسرے بیشمار اسکولوں کی طرح ایک عام ہائی اسکول بن چکا ہے۔ میری اور میرے بیشمار دوستوں کے بچپن کی بہت سی یادیں اسی اسکول سے وابستہ ہیں۔ ہمارا مدرسہ ماں باپ کے بعد تربیت کی پہلی سیڑھی اور پہچان ہوتی ہے۔ کسی بھی طالب علم کی تربیت کا اندازہ ہمیشہ اس کے بنیادی تعلیمی ادارے سے ہی لگایا جاتا ہے۔ ہمارے اس اسکول کی ایک خاصیت یہ تھی کہ اس کے ہیڈ ماسٹر محمد رحیم خان سدوزئی ایک نہایت اعلی منتظم اور قابل انسان تھے۔ جب میں پہلی جماعت سے آٹھویں جماعت تک زیر تعلیم رہا تو اس دوران یہ ہی ہیڈ ماسٹر ہوا کرتے تھے۔ ان کی اعلی کارکردگی کی باعث انہیں ٹرانسفر کرنے کا سوچا بھی نہ جا سکتا تھا۔ یہ ایسا اسکول تھا جس کے بچے ٹیوشن نہیں پڑھتے تھے اور ٹیوشن پڑھانے والے استاد کو اچھا نہیں سمجھا جاتا تھا جبکہ ٹیوشن پڑھنے والے بچوں کو نکما تصور کیا جاتا تھا۔ اسکول کے استاد مفت اپنا وقت دیکر کمزور بچوں کی تیاری کراتے تاکہ ان کے اسکول اور ان کے مضمون کا نتیجہ خراب نہ ہونے پائے۔ یہ وہ دور تھا جب اسکول میں بجلی نہیں ہوتی تھی ہماری کچی پہلی اور پکی جماعت باہر گراونڈ میں زمین پر بیٹھ کر پڑھتی تھی ان دونوں کلاسوں کے استاد بالترتیب حاجی اللہ بچایا اور تصدق حسین شاہ صاحب ہوا کرتے تھے۔ سردی میں یہ کلاسیں دھوپ میں اور گرمی میں درختوں تلے گزارہ کرتی تھیں۔ جو دھوپ چھاوں اور موسم کے ساتھ ساتھ اپنی جگہ بدلتی رہتی تھیں۔ باقی کلاسیں کمروں میں پٹ سن کے ٹاٹوں پر بیٹھتیں تھیں البتہ چھٹی جماعت کے بعد ڈیسک مل جایا کرتے تھے جو اکثر ٹوٹے پھوٹے ہوتے تھے۔ جب کبھی بارش، آندھی یا طوفان اور شدید سردی اور دھند ہوتی تو پہلی اور پکی جماعت کو ایک بڑے سے ہال نما کمرے میں بٹھایا جاتا تھا جسے "ہاتھی گھر" کہتے تھے۔ یہ بہت اونچی چھت والا بڑا سا ہال نما کمرہ تھا جو تین اطراف سے بند تھا صرف سامنے کا حصہ کھلا تھا جہاں سے تازہ ٹھنڈی ہوا آتی رہتی تھی۔ اسکی لمبائی چوڑائی، سطح زمین سے اونچائی اور چھتوں کی اونچائی غیر معمولی ہونے کی وجہ سے اس کو ہاتھی گھر کہتے تھے۔۔ ہاتھی گھر کے بارے میں بڑی کہانیاں مشہور تھیں کہ یہ نواب صاحب کے ایک ہاتھی کے لیے بنوایا گیا تھا۔ مگر موسمی اثرات سے بچاو کے لیے یہ زبردست عمارت ہوا کرتی تھی۔ آج تو سب بچوں کو سردی ہو یا گرمی اندر کمروں میں ہی بٹھایا جاتا ہے۔ مجھے ہاتھی گھر تب بہت یاد آتا ہے جب میں چھوٹے چھوٹے بچوں کو شدید گرمی اور شدید سردی بارش، آندھی، طوفان، دھند اور اسموگ میں کانپتے ہوئے اسکول جاتے اور واپس آتے دیکھتا ہوں۔ شدید گرمی میں سرکاری اسکولوں میں تو آج بھی پنکھے نہیں ہوتے۔ لیکن اس بات پر حیرت ہوتی ہے کہ آج سے ساٹھ سال قبل کے ہمارے استاد سخت موسمی حالات سے کیسے بچوں کو محفوظ رکھتے تھے؟ شدید گرمی اور شدید سردی کی چھٹیاں ان بچوں کے لیے کسی نعمت سے کم نہ ہوتی تھیں۔ لیکن پھر بھی زیادہ سردی



یا خراب موسم کی وجہ سے ہیڈ ماسٹر صاحب اپنی صوابدید پر بھی چھٹی کر دیتے تھے۔ یہ تمہید اس لیے باندھی ہے کہ اپنے آج کا اپنے کل سے موازنہ کیا جا سکے۔ لیکن بعد میں پتہ چلا کہ دراصل یہ ہاتھی گھر بچوں کی سہولت اور موسمی اثرات کے بچاو کے لیے تعمیر کیا گیا تھا اسکی موٹی موٹی دیواریں اور اونچی چھت گرمی اور سردی کم کرنے کی صلاحیت رکھتی تھیں۔ اس دور کے اساتذہ کو گلوبل وارمنگ کا تو تصور تک نہ تھا لیکن بچوں کا خیال رکھنے کو وہ اپنی ڈیوٹی ضرور سمجھتے تھے۔

ذرا غور کریں کہ آج پنجاب بھر میں شدید سردیوں کا دوسرا دن ہے اور تعلیمی اداروں میں سردیوں کی چھٹیوں کا آخری دن ہے۔ ہمارے پورے بہاولپور میں شدید ترین دھند ہے۔ محکمہ موسمیات کی پیشین گوئی کے مطابق یہ ہفتہ شدید ترین سردیوں اور ٹھنڈی ہواوں کے چلنے کا بتایا جا رہا ہے اور جب بڑوں کو دھند کی باعث کچھ دکھائی نہیں دے رہا اس کے باوجود بچے دھند اور سردی سے ٹھٹھرتے ہوئے اسکول جا رہے ہیں۔ بدقسمتی سے ہم آج بھی تعلیمی اداروں میں سوسالہ پرانے شیڈول اور اوقات میں گرمی اور سردی کی چھٹیاں کرتے چلے آ رہے ہیں اور شاید یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی موسمیاتی تبدیلیوں یعنی گلوبل وارمنگ کا اثر پچھلی ایک دھائی سے ہمارے موسم کو شدید متاثر کر رہا ہے۔ موسموں کا دورانیہ بدل گیا ہے۔ شدید سردی اب جنوری کے دوسرے ہفتے سے شروع ہوتی ہے اور شدید گرمی اب جون سے ستمبر تک اپنا رنگ جماتی ہے۔ لیکن ہم شاید لکیر کے فقیر عوامی مفاد اور ضرورتوں سے لاتعلق ماضی کی روایات پر ہی عمل پیرا ہو کر سردیوں کی چھٹیاں دسمبر کے مہینے میں اور گرمیوں کی چھٹیاں مئی سے جولائی تک ہی کرتے چلے جا رہے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلیاں اور گلوبل وار منگ دنیا بھر کی طرح پاکستان اور پنجاب میں بھی ماحولیاتی حالات پر نمائیاں اثر ڈال رہی ہیں اور ان تبدیلیوں کا بچوں کی چھٹیوں پر بھی براہ راست یا بالواسطہ اثر پڑتا ہے۔ موسم زیادہ سرد یا غیر متوقع ہو تو بچوں کی تمام تر سرگرمیاں متاثر ہوتی ہیں اسی طرح شدید گرمی میں ہیٹ ویو خطرناک ہوتی ہے۔ جبکہ گلوبل وارمنگ کی وجہ سے سردی اور گرمی کی شدت میں غیر معمولی اضافہ اور ان موسموں کے اوقات میں بڑی تبدیلی نظر آتی ہے۔ اسموگ اور فوگ کی باعث بچوں کی زندگیاں خطرے میں پڑ جاتی ہیں۔ نا جانے اسموگ کے دوران کتنے ہی بچے نمونیے کا شکار ہو چکے ہیں۔ ان بدلتے موسمی حالات میں تعلیمی کیلنڈر میں تبدیلی ناگزیر ہو چکی ہے لیکن اس مقصد کے لیے کی جانے والی چھٹیوں کا شیڈول وہی پرانے والا چل رہا ہے۔ جس کی باعث بچوں کو سردی اور گرمی کے اثرات سے بچانے کے لیے چھٹیوں کا مقصد ختم ہو جاتا ہے۔ دوسری جانب چھٹیوں کے دوران بچوں کی تفریح اور سیر وسیاحت بھی نہیں ہو پاتی۔ ان کی سیر وسیاحت کی خواہش موسمی حالات کی وجہ سے پوری نہیں ہو پاتی۔ وہ چھٹیوں کے دوران تو گھروں میں بند رہتے ہیں اور سخت موسم میں انہیں اسکول جانا پڑتا ہے۔ جوان کیلیے بیماری اور تکلیف کا باعث بنتا ہے۔ میری حکومت اور ارباب اختیار سے اپیل ہے کہ سردی اور گرمی کی چھٹیوں کا شیڈول ملک اور علاقے کے موسمیاتی حالات کے مطابق ترتیب دیا جائے تاکہ بچے اپنی چھٹیاں بھی انجوائے کر سکیں اور فوگ اور اسموگ کے موسم کے مضر اثرات سے بھی محفوظ رہیں۔ نیز پہلے سردی چھٹیاں کرسمس کی وجہ سے دس دن کی ہوتی تھیں لیکن اب سردیوں کا دورانیہ بڑھ چکا ہے۔ ان چھٹیوں میں اضافہ بھی ناگزیر ہے۔ نیز علاقائی موسمی صورتحال کے پیش نظر وہاں کی مقامی انتظامیہ کو چھٹیوں کا اختیار ضرور دیا جانا چاہیے کیونکہ گلوبل وارمنگ اور موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے ہر علاقے کی موسمی صورتحال یکساں نہیں ہوتی۔ بچوں کو گلوبل وارمنگ اور اس کے اثرات کے بارے میں شعور دیا جائے اور اس کے مضر اثرات سے آگاہی دی جائے۔

اس بارے میں ہمارے ایک دوست کے خیال میں ایک المیہ یہ ہے کہ وقت بدل چکا ہے اب چھٹیوں کا مطلب گھر پر آرام، تفریح اور سیر وسیاحت کی بجائے ٹیوشن پڑھنا یا اکیڈمی جانا سمجھا جاتا ہے۔ گویا چھٹیاں ہونے کے باوجود بچوں کی چھٹیاں نہیں ہوتیں۔ بچوں کے روزمرہ معمولات میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔ چھٹیوں کا مطلب غیر نصابی سرگرمیاں ہوا کرتا تھا جو اب نصرز کی دوڑ نے نصابی سرگرمی میں ہی بدل دیا گیا ہے۔ جو والدین کے لیے بھی ایک لمحہ فکریہ ہے۔ چھٹیوں کے دوران بچوں کی غیر نصابی سرگرمیوں کو ہر صورت جاری رہنا چاہیے کیونکہ صحت مند جسم میں ہی صحت مند دماغ ہوتا ہے۔ وقت کا تقاضا یہ ہے کہ گلوبل وارمنگ اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اس دور میں آج بھی سرکاری اسکولز اور تعلیمی اداروں میں ایسے "ہاتھی گھر" نما ایسی عمارات ضرور ہونی چاہیں جو کسی بھی سخت موسم، فوگ اور دھند یا بارش میں بچوں کو ایک حفاظتی اجتماعی ہال کی سہولت مہیا کر سکیں اور موسمی مضر اثرات سے بچا سکیں۔ میری درخواست ہے کہ موجودہ موسمیاتی تبدیلی کے پیش نظر بچوں کی گرمی کی چھٹیوں کا کیلنڈر تبدیل کیا جائے نیز سردیوں کی چھٹیوں کا دورانیہ بھی بڑھایا جائے۔ والدین سے بھی التجا ہے کہ چھوٹے بچوں کا ان موسموں میں خصوصی خیال رکھیں۔

لاس اینجلس کی آتش اور ہمارے عوامی ڈائیلاگ

بحیثیت قوم، ہم ذہنی طور پر ایسی پسماندگی میں چلے گئے ہیں کہ لگتا نہیں ہے کہ تعلیم نے ہمارا کچھ بگاڑا ہے، یا کہیں کوئی روشنی ہمارے ذہن کے قریب سے گزری ہو۔ بہت ہی عجیب المیہ ہے کہ ہم اب کچھ بھی نہیں سمجھتے۔ ایک قوم ہونے کے ناطے ہم یہ بھی نہیں سوچتے کہ ہمارے ڈائیلاگز دنیا میں بھی نشر کیے جاتے ہیں اور پوری دنیا میں لوگ سوچتے ہوں گے کہ پاکستانی قوم کس قسم کی گفتگو پیش کر دیتی ہے، جس بات کے حوالے سے ہمارا عملی تجربہ بھی نہیں ہوتا اور ہمارے ذہن پر کوئی دستک بھی نہیں ہوتی اور ہم اس کے بارے میں بیان ضرور دیتے ہیں وہ عالمی لیول پر۔ یہ تو وہی مثال ہو گئی کہ گاؤں میں چوہدری کے گھر چوری ہو جائے تو کمی کمین کہتے ہیں کہ یہ چوہدری کے گناہوں کی سزا ہے۔ یاد رکھیے اگ کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ اگ ایسی چیز ہے جو کہ 2007 میں بہاولپور انٹرنیشنل ٹینکر سے ڈیڑھ سو لوگوں کو جلا ڈالتی ہے۔ 1997 میں 300 حاجیوں کو جلا ڈالتی ہے۔ اور پچھلے دنوں لاس اینجلس میں 10 لوگوں کو فوری جلا ڈالتی ہے۔ میں بات کر رہی ہوں لاس اینجلس میں پھیلی ہوئی ازمائش کی۔ کیلیفورنیا میں جنگلات کی وجہ سے ایسی اگ اکثر لگتی رہتی ہے۔ دنیا کا کوئی بھی خطہ ہو، عوام، عوام ہی ہوتی ہے۔ ہر انسان پوری زندگی بہت زیادہ محنت کرتا ہے تو گھر خریدنے کے قابل ہوتا ہے۔ چونکہ میں نے زندگی میں ہمیشہ سے روزگار کیا اور بہت سے مکان اللہ نے مجھے دیے تو مجھ سے زیادہ کوئی نہیں سمجھ سکتا کہ گھر بنانے کے لیے ایک ایک اینٹ خریدنے پر الگ الگ محنت کرنی پڑتی ہے اور پھر خدا تعالی گھر عطا کرتے ہیں، اور گھر کو بنانے کے بعد انسان اس گھر کی ایک ایک چیز خریدنے کے لیے تمام عمر اگا تار نگ و دو کرتا ہے تو گھر مکمل ہوتا ہے۔ یہ ایک جان لیوا مرحلہ ہے کہ انسان اپنا گھر، بغیر کسی امداد اور وراثت کے بنا سکے۔ تو ہم کیسے لوگ ہیں کہ وہاں عوام کے گھر جل گئے اور ہم اپنے اپ کو اور پوری دنیا میں لوگوں کو یہ بتا کر مطمئن ہو رہے ہیں کہ لاس اینجلس میں اللہ کے عذاب کی وجہ سکھر جل گئے۔ غزہ کے معاملات کو لاس اینجلس کے گھروں سے جوڑ کر خوش ہو رہے ہیں۔ میں یہ نہیں کہتی کہ غزہ کے لوگوں کے ساتھ ایسا ہونا چاہیے تھا۔ بلاشبہ جو کچھ ان کے ساتھ کیا جا رہا ہے وہ ایک بڑی ازمائش کا سلسلہ ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ ان کو اسانی ملے۔ کیا ہم اس بات کا جواب دے سکتے ہیں کہ ہم اتنے اچھے ہیں تو پوری پاکستانی قوم نے غزہ کی عملی امداد کے لیے باقاعدہ کچھ اقدامات لیے ہوں۔ غزہ کے معاملات کو بھی تو ہمارا ملک اور اس کے عوام زبانی کلامی ہی نبھا رہے ہیں یا کمزور لوگوں کی طرح جائے نماز پر بیٹھ کر اسرائیل کے لیے بددعائیں کر رہے ہیں جو کہ کسی بھی قوم کی کمزوری اور غیر عملی ہونے کا اخری درجہ ہو سکتا ہے۔ لیکن بات یہ ہے کہ جو معاملات لاس اینجلس میں اس وقت ہو رہے ہیں ان میں بھی ہمارے جیسے لوگوں کے، پبلک کے ہی گھر جل رہے ہیں اور ان کے بچے روٹی سے محروم اس وقت در بدر ہیں۔ جن کے گھر جلے ہیں انہوں نے یہ نہیں کہا کہ غزہ کے لوگوں کے ساتھ زیادتی ہوئی چاہیے۔ جن کے گھر جل رہے ہیں انہوں نے جا کر غزہ میں ازمائش طاری نہیں کی تھی۔ کیا لاس اینجلس میں اگ لگنے سے غذا میں پھیلی تباہی کم ہو جائے گی۔ کیونکہ ہم ایک ارام طلب اور سوچ سے عاری قوم بن چکے ہیں جو کہ صرف ڈائیلاگز پر سہارا لیتی ہے اور وہ بھی منفی ڈائیلاگز جن کا کوئی وزن نہیں ہوتا۔ ہر بزرگ کا تجزیہ، فہم کے قابل نہیں ہوتا کچھ بے وقوف لوگ بھی تو بوڑھے ہو گئے ہوں گے۔ ہم اتنا شعور بھی نہیں رکھتے کہ یہ جان سکیں کہ حکومتی لیول پر جو معاملات یا جو فیصلے کیے جاتے ہیں عوام کا اکثر ان سے کم ہی تعلق ہوتا ہے۔ اگر امریکہ نے اسرائیل کی تائید کی بھی ہے تو وہ حکومتی سطح پر ہے عوام نے اس میں کوئی حصہ نہیں ڈالا ہوا۔ اس وقت لاس اینجلس میں جو مکانات جل چکے ہیں اور جتنا نقصان ہوا ہے وہ پبلک لیول پر ہوا ہے۔ اور اس میں بہت سے فنکاروں کے مالی نقصانات ہوئے ہیں۔ جن کے بارے میں ہمارے عوام عجیب و غریب تاثرات دے کر اپنے دل کو بہلا رہے ہیں۔ کہ فلمی لوگوں کے گھر جل گئے اب ہم یہ نہیں جانتے کہ فلم بنانے والے کس قسم کی محنت کرتے ہیں اور یہ شعبہ کیسا سخت ہے۔ اگر میں نے زندگی میں فلم میں کام نہ کیا ہوتا اور فلم کے لوگوں سے نہ ملی ہوتی تو شاید میں بھی اس شغل میں شامل ہو جاتی لیکن میں یہ سمجھتی ہوں کہ فلم کسی بھی ملک کا ایک بنیادی شعبہ ہے۔ کسی بھی ملک کی فلم اور فلم انڈسٹری، اس کی معیشیت کا ایک باقاعدہ بڑا حصہ ہوتی ہے اور ہائی لیول کی مارکیٹنگ پر مبنی ہوتی ہے۔ فلم میں کام کرنے والے اور فلم کو بنانے والے عام ذہن کے مالک نہیں ہوتے یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو ہر قسم کے حالات میں بڑی شدید محنت کرنے کے عادی ہوتے ہیں تو فلم تک پہنچتے ہیں اور خداوند کا میابی دیتا ہے۔ اگر وہاں پر فنکاروں کے گھر جلے ہیں تو ہمیں اس میں دلی طور پر ان کے ساتھ شامل ہونا چاہیے کہ ازمائش برحق ہے کسی پر بھی اسکتی ہے۔ ازمائش ہمیشہ اللہ کی جانب سے ہوتی ہے اور دنیا کی کسی بھی خطے پر طاری ہو سکتی ہے، اللہ نہ کرے کہ کل ہم پر ازمائش ہو اور دنیا ایسی باتیں کرے تو میرا انہیں خیال کہ ہماری قوم ایسے گفتگو کو برداشت کر سکے گی۔ ہر ایک کی اپنی اپنی ازمائش ہے، اپنی اپنی نوعیت کی تکلیف ہے، ہر ایک کو اس کے اپنے حوالے سے اللہ تعالی نے نعمتیں بھی عطا کی ہیں۔ اس کے اعتبار سے اپنی اپنی برداشت ہے، سوال یہ ہے کہ ہم نے اس ازمائش سے سیکھا کیا۔ ہماری پبلک کو تعلیم کے بعد تربیت کی از سر نو شدید ضرورت ہے جس کا انتظام کرنا چاہیے۔ کم سے کم ہمیں یہ تو پتہ ہونا چاہیے کہ کس موقع پر کیا بات کرنی تھی کہ دنیا میں ہر جگہ ہماری بات پہنچتی ہے۔ کم از کم ہمیں یہ احساس ضرور ہونا چاہیے کہ لوگ ہمیں ایک جاہل قوم کے طور پر گردانے گے۔ کوشش یہ ہونی چاہیے کہ اگر ہمارا ذہن بہت وسیع نہیں ہے یا ہمارا تجربہ بہت زیادہ عملی نہیں ہے تو ہم ایسے معاملات پر اپنی رائے نہ دیں جو پوری دنیا میں جائے اور لوگ ہمیں تعلیم و تربیت سے عاری قوم سمجھیں۔ ہم تو اس نبی کی امت ہیں جس کا رحم اور فضل مسلمانوں کے علاوہ ہر قسم کی قوموں پر یکساں تھا۔ اپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے حوالے سے پوری دنیا میں کتابیں لکھی گئی ہیں کہ اپ کا سلوک غیر مسلموں کے ساتھ ایسا اعلی تھا کہ جو حق در جو حق لوگ، دین میں داخل ہو گئے تھے۔ اپ کی شخصیت پوری دنیا کے لیے ایک مثال ہے۔ اپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کسی بھی قوم کی دل ازاری نہیں فرمائی۔ ہمیں چاہیے کہ اپنے دلوں میں وہی نرمی پیدا کریں کہ پوری دنیا پر ہماری گفتگو، ہماری سیرت، ہمارا عمل اور ہمارا کردار ایک اچھا اور بہترین نشان بن کر واضح ہو سکے۔ جس کی مثالیں دوسری اقوام دیا کریں۔ جن کے گھر جلے ہیں انہوں نے یہ نہیں کہا کہ غزہ کے لوگوں کے ساتھ زیادتی ہونی چاہیے۔ جن کے گھر جل رہے ہیں


تحریر: صاحبزادی فقیر محمد ندیم باری

کی محنت کرتے ہیں اور یہ شعبہ کیسا سخت ہے۔ اگر میں نے زندگی میں فلم میں کام نہ کیا ہوتا اور فلم کے لوگوں سے نہ ملی ہوتی تو شاید میں بھی اس شغل میں شامل ہو جاتی لیکن میں یہ سمجھتی ہوں کہ فلم کسی بھی ملک کا ایک بنیادی شعبہ ہے۔ کسی بھی ملک کی فلم اور فلم انڈسٹری، اس کی معیشیت کا ایک باقاعدہ بڑا حصہ ہوتی ہے اور ہائی لیول کی مارکیٹنگ پر مبنی ہوتی ہے۔ فلم میں کام کرنے والے اور فلم کو بنانے والے عام ذہن کے مالک نہیں ہوتے یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو ہر قسم کے حالات میں بڑی شدید محنت کرنے کے عادی ہوتے ہیں تو فلم تک پہنچتے ہیں اور خداوند کا میابی دیتا ہے۔ اگر وہاں پر فنکاروں کے گھر جلے ہیں تو ہمیں اس میں دلی طور پر ان کے ساتھ شامل ہونا چاہیے کہ ازمائش برحق ہے کسی پر بھی اسکتی ہے۔ ازمائش ہمیشہ اللہ کی جانب سے ہوتی ہے اور دنیا کی کسی بھی خطے پر طاری ہو سکتی ہے، اللہ نہ کرے کہ کل ہم پر ازمائش ہو اور دنیا ایسی باتیں کرے تو میرا انہیں خیال کہ ہماری قوم ایسے گفتگو کو برداشت کر سکے گی۔ ہر ایک کی اپنی اپنی ازمائش ہے، اپنی اپنی نوعیت کی تکلیف ہے، ہر ایک کو اس کے اپنے حوالے سے اللہ تعالی نے نعمتیں بھی عطا کی ہیں۔ اس کے اعتبار سے اپنی اپنی برداشت ہے، سوال یہ ہے کہ ہم نے اس ازمائش سے سیکھا کیا۔ ہماری پبلک کو تعلیم کے بعد تربیت کی از سر نو شدید ضرورت ہے جس کا انتظام کرنا چاہیے۔ کم سے کم ہمیں یہ تو پتہ ہونا چاہیے کہ کس موقع پر کیا بات کرنی تھی کہ دنیا میں ہر جگہ ہماری بات پہنچتی ہے۔ کم از کم ہمیں یہ احساس ضرور ہونا چاہیے کہ لوگ ہمیں ایک جاہل قوم کے طور پر گردانے گے۔ کوشش یہ ہونی چاہیے کہ اگر ہمارا ذہن بہت وسیع نہیں ہے یا ہمارا تجربہ بہت زیادہ عملی نہیں ہے تو ہم ایسے معاملات پر اپنی رائے نہ دیں جو پوری دنیا میں جائے اور لوگ ہمیں تعلیم و تربیت سے عاری قوم سمجھیں۔ ہم تو اس نبی کی امت ہیں جس کا رحم اور فضل مسلمانوں کے علاوہ ہر قسم کی قوموں پر یکساں تھا۔ اپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے حوالے سے پوری دنیا میں کتابیں لکھی گئی ہیں کہ اپ کا سلوک غیر مسلموں کے ساتھ ایسا اعلی تھا کہ جوق در جوق لوگ، دین میں داخل ہو گئے تھے۔ اپ کی شخصیت پوری دنیا کے لیے ایک مثال ہے۔ اپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کسی بھی قوم کی دل ازاری نہیں فرمائی۔ ہمیں چاہیے کہ اپنے دلوں میں وہی نرمی پیدا کریں کہ پوری دنیا پر ہماری گفتگو، ہماری سیرت، ہمارا عمل اور ہمارا کردار ایک اچھا اور بہترین نشان بن کر واضح ہو سکے۔ جس کی مثالیں دوسری اقوام دیا کریں۔

کردار، اعتماد اور ساکھ

وہ دور بیت گیا جب آپ لاکھوں انسانوں کو ایک ایسی آواز پر ہمہ تن گوش سنتے تھے جو بول نہیں رہی ہوتی تھی بلکہ موتی رول رہی ہوتی تھی اس عظیم انسان کی خطابت کو مولانا ابوالکلام آزاد نے سحری قرار دی دیا تھا، اس جادو اثر خطیب کی گفتگو کی جستجو میں پورے ہندوستان کے لاکھوں لوگ سننے کے لیے بے چین رہتے تھے۔ ساری رات سننے والے کان بولنے والی زبان کے محتاج تھے اور مشتاق تھے برصغیر پاک و ہند میں آج بھی اس کا بدل پیدا نہیں ہوا دنیا اسے سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے نام نامی اسم گرامی سے یاد کرتی ہے، پوری رات تقریر سننے والے سامعین نہ اکتاتے اور نہ ہی اونگھتے تھے اور نہ ہی تھکن محسوس کرتے ان کا جی چاہتا تھا کہ بولنے والا بولتا رہے اور ہم سنتے رہے بولنے والا بھی چاہتا تھا کہ رات ختم نہ ہو بلکہ ایک دوسری رات اس کے ساتھ منسلک ہو جائے، ختم ہی ہو جائے اور وہ بولتے رہیں بقول شاہ جی، کہ

شب وصال بہت مختصر ہے آسماں سے کہو
جوڑ دے کوئی ٹکڑا شب جدائی کا

یہ وہ زمانہ تھا کہ لوگوں کے پاس وقت بہت زیادہ تھا اور اسے بسر کرنا یا گزارنا بہت مشکل تھا دن کو سونا اور رات کو تقریریں سننا ہی لوگوں کا معمول بن گیا تھا تقریر ختم ہوتی اور لوگ جورات کو ہر جلسے پر جھومتے تھے ان سے پوچھا جاتا کہ اپ نے کیا سنا تو بس یہی کہتے کہ

رات کی بات کا مذکور ہی کیا
چھوڑیئے رات گئی بات گئی

میری اس تمہید کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ میں صرف شاہ جی کی بات کر رہا ہوں میں بتانا چاہتا ہوں 21 ویں صدی میں اب زمانہ بدل گیا ہے کسی کے پاس وقت نہیں ہے کہ وہ اسے برباد کرے جن لوگوں نے وقت کو برباد کیا آج وہ خود برباد ہو گئے وقت کی اس تنگ دامانی میں اختصار کو طوالت پر ترجیح دینے والے عالمی شہرت یافتہ موٹیویشنل سپیکروں میں ائر کموڈور خالد چشتی کا نام سرفہرست آتا ہے، ہم سب اراکین سی ٹی این فورم اپنے چیئرمین جناب مسعود علی خان کے ممنون احسان ہیں جنہوں نے نابغہء عصر شخصیت کی صلاحیتوں سے ہم سب کو نہ صرف فیضیاب کروایا بلکہ آج ہمیں فخر ہے ائر کموڈور خالد چشتی سی ٹی این فورم کے سینیئر و



امرود وٹامن سی سے بھرپور

اے ناز ایڈووکیٹ

امرودوں کا موسم اب شروع ہو چکا ہے، جن پر چاٹ مصالحہ چھڑک کر کھانا تقریباً ہر ایک کو ہی پسند ہوتا ہے۔ مگر یہ صرف منہ کا ذائقہ ہی دوبالا نہیں کرتے بلکہ اس میں ان میں اجزاء بھی موجود ہوتے ہیں جو اس پھل کو صحت کے لیے بہترین بناتے ہیں۔ وٹامن سی سے بھرپور یہ پھل کتنے فوائد کا حامل ہے، وہ درج ذیل ہے:

امرود میں موجود وٹامن سی، لائیکوپین اور دیگر اجزاء ایسے اینٹی آکسائیڈنٹس کا کام کرتے ہیں جو جسم میں نقصان دہ اجزاء کی سطح کم کرتے ہیں، جس سے کینسر زدہ خلیات کی نشوونما نہیں ہوتی۔

فائبر سے بھرپور ہونے کی وجہ سے امرود ذیابیطس کو بڑھنے سے روکتا ہے اور بلڈ شوگر کی سطح کو ریگولیٹ کرتا ہے۔

امرود کھانے سے جسم میں نمک یا سوڈیم اور پوٹاشیئم کے توازن میں بہتری آتی ہے جس سے بلڈ پریشر کنٹرول میں آتا ہے، یہ پھل صحت کے لیے نقصان دہ کولیسٹرول اور دیگر عناصر کی سطح بھی کم کرتا ہے جو کہ امراض قلب کا باعث بنتے ہیں۔

اس میں غذائی فائبر کی مقدار کافی زیادہ ہوتی ہے اور ایک امرود ہی فائبر کی روزانہ کے لیے ضروری مقدار کا 12 فیصد حصہ جسم کو فراہم کر دیتا ہے جو کہ نظام ہضم کے لیے بہت زیادہ فائدہ مند ہے، امرود کے بیج بھی قبض کو ختم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

امرود میں وٹامن اے پایا جاتا ہے جو کہ آنکھوں کی صحت کے لیے بہترین ہے، یہ پھل نہ صرف عمر بڑھنے کے ساتھ بینائی میں آنے والی تنزلی سے تحفظ دیتا ہے بلکہ اسے بہتر بھی کرتا ہے۔ یہ موتیے کے مرض کی رفتار کو بھی سست کرتا ہے۔

اس پھل میں فولک ایسڈ موجود ہوتا ہے جو حاملہ خواتین کو استعمال کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

امرود میں ورم کش خصوصیات بھی ہوتی ہیں اور جراثیم کش ہونے کی وجہ سے بھی یہ انفیکشن کے خلاف جدوجہد کرتا ہے جبکہ جراثیموں کو مارتا ہے، اس لیے اسے کھانا دانت کے درد کے لیے اچھا گھریلو ٹوٹکا ثابت ہوتا ہے۔

امرود میں موجود میگنیشیم، مسلز اور اعصاب کو پرسکون کرتا ہے، لہذا دن بھر کے کاموں کے بعد اسے کھانے سے مسلز کو سکون ملتا ہے، ذہنی تناؤ کم ہوتا ہے جبکہ جسمانی توانائی بڑھتی ہے۔

اس پھل میں وٹامن بی تھری اور بی سکس بھی موجود ہے جو کہ دماغ کی جانب خون کی فراہمی کو بہتر کرتے ہیں اور ذہنی افعال کو تحریک دینے کے ساتھ اعصاب کو بھی سکون پہنچاتے ہیں۔

اگر آپ جسمانی وزن میں کمی لانا چاہتے ہیں تو امرود کھانا شروع کر دیں، جس سے آپ کو اپنی غذا میں پروٹینز، وٹامنز اور فائبر میں کمی نہیں لانا پڑے گی جو کہ اس پھل میں موجود ہے جبکہ یہ میٹابولزم کو بھی بہتر کرتا ہے اور ہاں اسے کھانے سے جلد پیٹ بھرنے کا احساس بھی ہوتا ہے۔

وٹامن اے، وٹامن سی اور اینٹی آکسائیڈنٹس جیسے کیروٹین اور لائیکوپین کی وجہ سے امرود جلد کو جھریوں سے بچاتا ہے، یعنی ایک امرود روزانہ جھریوں کو کافی عرصے تک دور رکھتا ہے۔

امرود ایسا پھل ہے جو بیشتر افراد کو پسند ہوتا ہے اور اس کا کھٹا میٹھا ذائقہ دل جیت لیتا ہے۔

یہ ہلکے سبز یا پیلے رنگ والے پھل کے بیج بھی کھائے جا سکتے ہیں بلکہ اس کے پتے بھی ہربل چائے کے طور پر استعمال کیے جا سکتے ہیں جبکہ ان پتوں کا جوہر یا ایکسٹریکٹ بھی سپلیمنٹ کے طور پر استعمال ہو سکتا ہے۔

یہ پھل اینٹی آکسائیڈنٹس، وٹامن سی، پوٹاشیم اور فائبر سے بھرپور ہوتا ہے اور زبردست غذائی اجزا اسے صحت کے لیے بہت فائدہ مند بھی بناتے ہیں۔

یہاں طبی سائنس کی بنیاد پر سامنے آنے والے شواہد کے بارے میں جانیں جو امرود اور اس کے پتوں سے آپ آسانی سے حاصل کر سکتے ہیں۔

کچھ شواہد سے عندیہ ملتا ہے کہ امرود کھانے کی عادت بلڈ شوگر کنٹرول کو بہتر بنا سکتی ہے۔

متعدد ٹیسٹ ٹیوب اور جانوروں پر ہونے والی تحقیقی رپورٹس میں یہ بات سامنے آئی کے امرود کے پتوں کا ایکسٹریکٹ بلڈ شوگر لیول کو بہتر کرتا ہے، طویل المعیاد بنیادوں پر بلڈ شوگر اور انسولین کی مزاحمت کو کنٹرول کرتا ہے۔

یہ ان افراد کے لیے اچھی خبر ہے جو ذیابیطس کے مریض ہیں یا ان میں اس مرض کا خطرہ زیادہ ہے کیونکہ انسانوں پر ہونے والی کچھ تحقیقی رپورٹس میں بھی اس حوالے سے متاثر کن نتائج سامنے آئے ہیں۔

ایک تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ اس پھل کے پتوں کی چائے کھانے کے بعد پینا بلڈ شوگر لیول کو کم کرتا ہے اور یہ اثر 2 گھنٹے تک برقرار رہ سکتا ہے۔

ایک اور تحقیق میں ذیابیطس ٹائپ 2 کے شکار 20 افراد کو امرود کے پتوں کی چائے کا استعمال کھانے کے بعد کرایا گیا تو ان کا بلڈ شوگر لیول 10 فیصد سے زیادہ کم ہو گیا۔

یہ پھل متعدد طریقوں سے ممکنہ طور پر دل کی صحت کو بہتر بنا سکتا ہے۔

متعدد سائنسدانوں کا ماننا ہے کہ اس پھل کے پتوں میں موجود اینٹی آکسائیڈنٹس اور وٹامنز دل کو جسم میں گردش کرنے والے مضر فری ریڈیکلز سے ہونے والے نقصان سے تحفظ فراہم کر سکتی ہے۔

اس میں موجود پوٹاشیم اور حل پذیر فائبر بھی دل کی صحت کو بہتر بنانے میں کردار کر سکتے ہیں جبکہ پتوں کا ایکسٹریکٹ بلڈ پریشر کو گھٹاتا ہے، نقصان دہ کولیسٹرول میں کمی اور فائدہ مند کولیسٹرول کی سطح بڑھا سکتا ہے۔

ہائی بلڈ پریشر اور نقصان دہ کولیسٹرول دونوں امراض قلب اور فالج کے اہم عناصر ہوتے ہیں۔

ایک 12 ہفتوں تک جاری رہنے والی تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ کھانے سے پہلے پکے امرود کھانے سے لوگوں کا بلڈ پریشر 8 سے 9 پوائنٹ تک کم ہو گیا، اسی طرح کولیسٹرول کی سطح میں 9.9 فیصد کمی آئی جبکہ فائدہ مند کولیسٹرول کی سطح 8 فیصد بڑھ گئی۔

امرود غذائی فائبر کے حصول کا بہترین ذریعہ ثابت ہوتا ہے اور زیادہ امرود کھانے سے آنتوں کے افعال میں بہتری اور قبض کی روک تھام ممکن ہو سکتی ہے۔

صرف ایک امرود سے دن بھر میں درکار فائبر کی 12 فیصد مقدار حاصل ہو جاتی ہے جبکہ اس کا ایکسٹریکٹ بھی ہاضمے کی صحت کو فائدہ پہنچا سکتا ہے۔

کئی تحقیقی رپورٹس میں یہ ثابت ہوا ہے کہ امرود کے پتوں کا ایکسٹریکٹ جراثیم کش ہوتا ہے جو معدے میں نقصان دہ جرثوموں کو پھیلنے سے روکتا ہے جو ہیضے کا باعث بنتے ہیں۔

یہ پھل جسمانی وزن میں کمی کے لیے چند بہترین غذاؤں میں سے ایک ہے کیونکہ ایک امرود میں محض 37 کیلوریز ہوتی ہیں اور روزانہ درکار فائبر کی 12 فیصد مقدار مل جاتی ہے۔

کم کیلوریز کے باوجود یہ پیٹ کو جلد بھر دیتا ہے، جس سے زیادہ کھانے کی عادت سے نجات پانے میں مدد ملتی ہے اور جسمانی وزن میں کمی بھی امکان بڑھتا ہے، اس کے ساتھ وٹامنز اور منرلز بھی جسم کو حاصل ہوتے ہیں۔

امرود کے پتوں کا ایکسٹریکٹ کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ وہ کینسر کش اثر رکھتا ہے، ٹیسٹ ٹیوب اور جانوروں پر ہونے والی تحقیقی رپورٹس میں ثابت ہوا کہ یہ ایکسٹریکٹ کینسر کی خلات کی روک تھام بلکہ نشوونما کو بھی روک سکتا ہے۔

اس کی ممکنہ وجہ اس میں موجود طاقتور اینٹی آکسائیڈنٹس کی بہت زیادہ مقدار ہوتی ہے جو فری ریڈیکلز کو خلیات کو نقصان پہنچانے سے روکتے ہیں جو کینسر کا ایک اہم سبب ہوتا ہے۔

ایک ٹیسٹ ٹیوب تحقیق میں یہ بھی دریافت کیا کہ امرود کے پتوں کا تیل کینسر کے خلیات کی نشوونما کو روکنے کے حوالے سے مخصوص کینسر ادویات سے زیادہ موثر ثابت ہو سکتا ہے۔

اگرچہ ٹیسٹ ٹیوب تجربات کے نتائج اہم ہیں مگر انسانوں پر فی الحال ان کا تجربہ نہیں ہوا اور اس حوالے سے مزید تحقیق کی ضرورت ہے۔



پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن نے سپورٹس کمیشن تشکیل دیدیا



پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن (پی او اے) نے ملک میں گیمز کے انعقاد اور ڈسپلنری معاملات کو بہتر بنانے کے لیے پی او اے اسپورٹس کمیشن اور ڈسپلنری کمیٹی کی تشکیل کر دی ہے۔ انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی کی گائیڈ لائنز کو مدنظر رکھتے ہوئے پی او اے کے صدر عارف سعید نے دونوں کمیٹیوں کی تشکیل کی منظوری دی جس کے مطابق سیکرٹری آرمی اسپورٹس بورڈ لیفٹیننٹ کرنل نبیل احمد رانا کی سربراہی میں پی او اے ڈسپلنری کمیٹی قائم کی گئی۔ کمیٹی کے سیکرٹری پی او اے کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل محمد جہانگیر ہوں گے جبکہ ممبران میں پرویز احمد (جمناسٹک)، نزہت جبین (ویٹ لفٹنگ)، اعجاز علی (ٹیبل ٹینس)، پروفیسر احمد بلال (فینسنگ)، سہیل احمد خان (بلوچستان اولمپک)، حیدر عثمان ایڈووکیٹ اور محمد عمران شامل ہیں۔ پی او اے اسپورٹس کمیشن کی سربراہی ڈائریکٹر آرمی اسپورٹس ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر مجتبیٰ حیدر کریں گے جبکہ پی او اے کے سیکرٹری جنرل محمد خالد محمود اسپورٹس کمیشن کے سیکرٹری ہوں گے۔ ممبران میں رضوان الحق (روئنگ)، فوزی خواجہ (رگبی)، احمد علی راجپوت (جمناسٹک)، عمیر اسلم ملک (واپڈا)، طارق پرویز (باڈی بلڈنگ)، شمسہ ہاشمی (والی بال)، رانا امجد اقبال (ایچ ای سی) اور عمران احمد شامل ہیں۔

شرددھا کے موبائل پر کس کی تصویر ہے؟



بالی ووڈ کی اداکارہ شردھا کپور کے موبائل وال پیپر کی ایک تصویر بہت وائرل ہو رہی ہے، جس نے اداکارہ کی زندگی کا ایک بڑا راز فاش کر دیا ہے۔ بھارت کی مقبول اداکارہ شردھا کپور ان دنوں اپنی بلاک بسٹر فلم استری 2 کی بے پناہ کامیابیوں کے بعد خبروں میں ہیں۔ اداکارہ کی نجی زندگی کے حوالے سے بھی مختلف خبریں سامنے آتی رہتی ہیں۔ شردھا کپور اور اسکرپٹ رائٹر راہول مودی کے درمیان کچھ عرصے سے ڈیٹنگ کی افواہیں گردش کر رہی ہیں لیکن دونوں میں سے کسی نے بھی باضابطہ طور پر اس کی تصدیق نہیں کی ہے۔ لیکن اب شردھا کپور کے موبائل وال پیپر کی ایک تصویر وائرل ہو رہی ہے جس نے اداکارہ کے مبینہ بوائے فرینڈ کا نام سب پر آشکار کر دیا ہے۔ تصویر میں اداکارہ کے موبائل وال پیپر نے صارفین کی توجہ حاصل کر لی ہے۔ شردھا کے موبائل وال پیپر پر ان کی ایک تصویر تھی جس میں ایک لڑکا انھیں گلے لگا رہا ہے۔

سمیع خان کے بیٹے شمیر کی تصاویر وائرل



سمیع خان ایک قابل ذکر پاکستانی ٹیلی ویژن اور فلم اداکار ہیں۔ اداکار کو اپنی پہلی فلم صلاحین کے ذریعے پہچان ملی۔ ان کے شہرت پانے والے پراجیکٹس میں بشر مومن، دھانی، عشق زہے نصیب، ایسی ہے تنہائی، تقدیر اور خود غرض شامل ہیں۔ ان کی قابل ذکر فلمیں رانگ نمبر 2، کاف کنگنا اور لفنگے ہیں۔ حال ہی میں، مداحوں نے پاگل خانہ، ایک چھبن سی اور دنیا پور میں ان کی تعریف کی۔ سمیع خان شانزے خان سے شادی کر چکے ہیں اور ان کے دو پیارے بچے ہیں۔ حال ہی میں اداکار نے اپنے پیارے بیٹے شمیر خان کا اپنے مداحوں سے تعارف کرایا۔ شمیر خان اگست 2023 میں پیدا ہوئے تھے۔ اداکار نے اپنی چھوٹی منچکن کا ایک پیارا فوٹو شوٹ شیئر کیا۔ مداحوں اور سوشل میڈیا صارفین نے پیارے بچے کے لیے اپنی محبت، نیک تمناؤں اور دعاؤں کا اظہار کیا۔

حدیقہ کیانی کا نیا گانا مداحوں میں تیزی سے مقبول ہونے لگا

حدیقہ کیانی کا تازہ ترین گانا "انا اکھیاں" شاعر شیو کمار بٹالوی کو خراج تحسین ہے اور اس ویڈیو میں معذوری اور پارکنسنز کے مرض میں مبتلا لوگوں کے جذبات پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ یہاں ستاروں سبینہ فاروق اور طلحہ چھور کے کچھ خوبصورت شاٹس ہیں جنہوں نے تصور کو زندہ کیا۔ مداحوں نے اس گانے کو زبردست پذیرائی بخشی ہے اور گانے کے کانسیپٹ کو بہت سراہا ہے۔





چیمپیئنز ٹرافی کیلئے افغانستان کے 15 رکنی سکواڈ کا اعلان

چیمپیئنز ٹرافی 2025 کے لیے افغانستان کے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا گیا جبکہ اسپنر مجیب الرحمن اسکواڈ کا حصہ نہیں بن سکے۔ اگلے ماہ 19 فروری سے پاکستان میں شروع ہونے والے ایونٹ میں افغان ٹیم کی قیادت حشمت اللہ شاہدی کریں گے۔ تجربہ کار اسپنر مجیب الرحمن کی جگہ غضنفر کو اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ غضنفر اس وقت آئی ایل ٹی 20 میں ایم آئی ایمریٹس کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ افغان کرکٹ بورڈ کے عبوری چیف سلیکٹر احمد سلیمان کے مطابق ڈاکٹرز نے مجیب الرحمن کو مکمل صحتیابی تک صرف ٹی 20 فارمیٹ پر توجہ دینے کا مشورہ دیا اس لیے انہیں اسکواڈ کا حصہ نہیں بنایا گیا۔ اسکے علاوہ، اوپننگ بلے باز ابراہیم زدران کی فٹ ہو گئے ہیں جس پر انکی اسکواڈ میں واپسی ہوئی ہے۔ ستمبر 2024 میں بھارت کے خلاف ٹیسٹ میچ سے قبل پریکٹس سیشن کے دوران ابراہیم زدران زخمی ہو گئے تھے۔ واضح رہے کہ چیمپیئنز ٹرافی میں افغانستان پہلی مرتبہ شرکت کر رہا ہے۔ افغانستان اسکواڈ میں حشمت اللہ شاہدی (کپتان)، ابراہیم زدران، رحمن اللہ گربز، صدیق اللہ اٹل، رحمت شاہ، اکرام علی خیل، گلبدین نائب، عظمت اللہ عمرزئی، محمد نبی، راشد خان، اے ایم غضنفر، نور احمد، فضل الحق فاروقی، فرید ملک اور نوید زدران شامل ہیں۔

مجھے کسی کی نقل کرنے کی ضرورت نہیں ہے، وینا ملک



وینا ملک ایک معروف پاکستانی اداکار، نقالی آرٹسٹ اور میزبان ہیں۔ انہوں نے اپنی ہٹ فلموں اور ڈراموں کے ذریعے بے پناہ مقبولیت حاصل کی۔ حال ہی میں، اس نے سنو ٹی وی کے لیے ایک طنزیہ شو اور Discover Pakistan کے لیے ایک سفرنامہ کی میزبانی کی۔ وینا ملک کی اس سے قبل اسد خٹک سے شادی ہوئی تھی اور ان کے سابق شوہر سے دو بچے ہیں۔ حال ہی میں وینا ملک متعدد انٹرویوز دے رہی ہیں، جو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر وائرل ہو رہے ہیں۔ وہ حال ہی میں بول ٹی وی کے لیے آمنہ ملک کے شو روشن سویرا میں نظر آئیں۔ بہت سے مداح ان کے لہجے اور بولنے کے انداز کا موازنہ بالی ووڈ اداکارہ اور گلوکارہ شہناز گل سے کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے وینا ملک نے ایک انٹرویو میں کہا ہے کہ "مجھے کسی کی بھی نقل کرنے کی ضرورت نہیں ہے، میں ایک پروفیشنل آرٹسٹ ہیں، میرا کا انداز کسی جیسا ہو سکتا ہے لیکن میں کسی کی نقل نہیں کرتی، میمکری ایک الگ چیز ہے جو بہت سے آرٹسٹ کرتے رہے ہیں۔"

کنزہ ہاشمی کے گھر سجی ستاروں کی کہکشاں



کنزہ ہاشمی ایک مشہور پاکستانی ٹیلی ویژن اداکارہ ہیں جو اپنے مقبول ٹیلی ویژن ڈراموں کے ذریعے شہرت کی بلندیوں پر پہنچیں۔ ان کے قابل ذکر پراجیکٹس میں عشق تماشا، ہوک، رانی، گل و گلزار، میرے بن جاؤ، خوشبو میں بسے خط اور دیگر شامل ہیں۔ حال ہی میں کنزہ ہاشمی نے اپنے گھر پر ایک خوبصورت ڈنر کا اہتمام کیا، جس میں انڈسٹری سے اپنے تمام دوستوں کو مدعو کیا گیا۔ اداکارہ نے اپنی عشق تماشا ٹیم کے ساتھ بھی دوبارہ اتحاد کیا جس میں ایمن خان، جنید خان اور دانش نواز شامل ہیں۔ اس نے دیگر مشہور شخصیات کو بھی مدعو کیا جیسے اشنا شاہ، عدنان صدیقی، سونیا حسین، سدرہ نیازی، اور دیگر ستارے شامل تھے۔ سب نے خوب لطف اٹھایا اور کنزہ کی مہمان نوازی کی خوب تعریف ہوئی۔

یمنیٰ زیدی ایک مکمل اور پروفیشنل آرٹسٹ ہیں، دیپک پروانی



دیپک پروانی پاکستانی فیشن کے بڑے ناموں میں سے ایک ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے اپنے کام، اداکاری اور قرز جان کے ساتھی اداکاروں کے ساتھ کام کرنے کے تجربے کے بارے میں بات کی۔ دیپک پروانی قرض جان میں بڑے ابو کا کردار ادا کر رہے ہیں اور ان کے مداحوں کی پسندیدہ، سپر اسٹار یمنا زیدی کے ساتھ بہت سارے مناظر ہیں۔ انہوں نے یمنا زیدی کے ساتھ کام کرنے کے بارے میں بتایا کہ وہ سیٹ پر کتنی پیشہ ور ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ یمنہ زیدی ایک ایسی اسٹار ہیں جو اپنی تمام لائنیں تیار کر کے سیٹ پر آئیں گی۔ وہ مکمل اسکرپٹ جانتی ہیں اور وہ تمام مناظر کے لیے ہمیشہ پوری طرح تیار رہتی ہیں۔ وہ انتہائی پروفیشنل ہے۔

معروف بھارتی گٹارسٹ چندر مولی بسواس اپنے گھر میں مردہ پائے گئے

بھارتی میڈیا کے مطابق 48 سالہ چندر مولی کی لاش اتوار کی شام کو لکتہ کے علاقے ویلنٹن میں واقع ان کے کرائے کے گھر سے برآمد ہوئی۔ بینڈ گولوک کے مرکزی گلوکار مہول چکرورتی جب چندر مولی کے گھر پہنچے تو ان کی لاش دیکھی اور پولیس کو اطلاع دی۔ مہول نے بتایا کہ چندر مولی صبح سے فون نہیں اٹھا رہے تھے، جس پر وہ فکرمند ہو گئے۔ ایک قریبی دوست کے ہمراہ ان کے گھر پہنچنے پر انہیں مردہ پایا۔ مہول نے اس واقعے کو بنگال کی میوزک انڈسٹری کے لیے بڑا نقصان قرار دیا۔ پولیس کے مطابق، ابتدائی تحقیقات سے معلوم ہوا کہ چندر مولی مالی مسائل اور کئی سالوں سے ڈپریشن کا شکار تھے۔ ان کے رشتہ داروں اور دوستوں نے بھی ان کی ذہنی حالت کی تصدیق کی۔ جائے وقوعہ سے ملنے والے خودکشی نوٹ میں لکھا تھا کہ ان کی موت کا ذمہ دار کوئی نہیں۔ نوٹ کی تحریر کی تصدیق کی جا رہی ہے اور لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔



خلیل الرحمان قمر ہنی ٹریپ کیس ایک ملزم کی درخواست منظور



لاہور ہائی کورٹ نے ڈرامہ نگار خلیل الرحمن قمر ہنی ٹریپ کیس کے ملزم یاسر علی کی درخواست ضمانت منظور جب کہ آمنہ عروج کی ضمانت خارج کر دی۔ لاہور ہائی کورٹ میں ڈرامہ نگار خلیل الرحمن قمر ہنی ٹریپ کے ملزمان کی ضمانتوں پر سماعت ہوئی، چیف جسٹس مس نیلم کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت نے ملزم یاسر علی درخواست ضمانت منظور جبکہ آمنہ عروج کی ضمانت خارج کر دی، عدالت نے ٹرائل ایک ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت کر دی۔

اداکار احد رضا میر اپنی سابقہ اہلیہ سجل علی کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟



پاکستان ٹیلیویژن کے سینئر اداکار آصف رضا میر کے صاحبزادے اداکار احد رضا میر نے پاکستان ڈرامہ انڈسٹری کی باصلاحیت اداکارہ سجل علی سے شادی کی تھی جو کچھ عرصے بعد ہی ختم ہو گئی تاہم ان کے شائقین آج بھی ان کی جوڑی کو پسند کرتے ہیں۔ حال ہی میں احد رضا میر نے اپنی سابقہ اہلیہ کے بارے میں ایک تعریفی بیان دیا ہے جو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا ہے، جس نے مداحوں کے دل جیت لیے۔ حال ہی میں ایک انٹرویو کے دوران احد رضا میر نے مختلف اداکاراؤں کے ساتھ کام کرنے کے تجربے کے بارے میں بات کی۔ انہوں نے خاص طور پر سجل علی کی اداکاری کی تعریف کرتے ہوئے کہا۔ "سجل ایک انتہائی باصلاحیت اداکارہ ہیں، جن کے ساتھ کام کرنا ہمیشہ ایک بہترین تجربہ رہا۔" احد رضا میر اور سجل علی کی جوڑی پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی کامیاب ترین جوڑیوں میں شمار کی جاتی ہے۔ دونوں نے ایک ساتھ کئی ہٹ پروجیکٹس کیے، جن میں "یقین کا سفر" اور "آنگن" جیسے مقبول ڈرامے شامل ہیں۔ احد رضا میر کے بیان پر سوشل میڈیا صارفین نے مختلف آراء کا اظہار کیا۔ کچھ نے ان کی سچائی اور شائستگی کی تعریف کی، تو کچھ نے ان کی اور سجل کی دوبارہ ملاقات کی خواہش ظاہر کی۔

عامر خان کا شو پاکستانی آرٹسٹ کے شو کی کاپی نکلا



حنابیات کا شمار پاکستان کے باصلاحیت اور پسندیدہ ستاروں میں ہوتا ہے۔ وہ اپنی خوبصورتی، قابلیت، ذہانت اور بہادری کے لیے مشہور ہے۔ انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز بطور میزبان کیا اور وہ پہلی شخصیت تھیں جنہوں نے معاشرے کے حقیقی مسائل کو سکرین پر پیش کیا۔ وہ ممنوعہ موضوعات پر توجہ دیتی تھیں، انہوں نے بعد میں اداکاری شروع کی اور اس کے بعد اس نے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔ بالی ووڈ اسٹار عامر خان نے بعد میں سٹار پلس پر ستیہ میو جیتے کے نام سے ایک شو کی میزبانی کی اور اس کا فارمیٹ بہت جانا پہچانا تھا۔ یہ شو زبردست ہٹ رہا اور حنابیات نے شیئر کیا کہ یہ تصور ان کے شو سے کاپی کیا گیا تھا۔ وہ اشنا شاہ کے شو میں مہمان تھیں اور اشنا نے ان سے پوچھا کہ کیا عامر کا شو ان کی کاپی ہے؟ انہوں نے انکشاف کیا کہ کانسیپٹ اور سیٹ ڈیزائن سب ایک جیسا تھا اور ان کے شو میں کام کرنے والے بہت سے لوگ حیران تھے کہ ان کے شو کی کاپی ہو گئی۔ وہ شکر گزار ہیں کہ انہیں اپنے شو کے ذریعے بہت سے ممنوع موضوعات پر توجہ دینے اور بہت سی کہانیاں سنانے کا موقع ملا۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

حکومت کے تعمیراتی شعبے پر توجہ دینے سے مکمل معاشی سرکل کو فائدہ ہوگا: لاہور چیمبر

موجودہ کوششیں تعمیراتی شعبے کی صلاحیتوں سے بھرپور فائدہ اٹھانے میں مددگار ثابت ہونگی

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے حکومت کی جانب سے تعمیراتی شعبے پر خصوصی توجہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ملکی معیشت کے لیے انقلابی قدم قرار دیا ہے۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور نائب صدر شاہد نذیر چوہدری نے توقع ظاہر کی کہ حکومت کی یہ کوشش تعمیراتی شعبے کی صلاحیتوں سے بھرپور فائدہ اٹھانے میں مددگار ثابت ہوگی جس سے معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا، روزگار کے مواقع پیدا ہونگے اور صنعتی ترقی ممکن ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے کم لاگت ہاؤسنگ منصوبوں کی تکمیل میں تیزی لانے اور نجی شعبے کو ان منصوبوں میں شامل کرنے کا عزم خوش آئند ہے۔ لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے کہا کہ کم لاگت رہائشی سہولیات ایک بنیادی ضرورت ہیں۔ حکومت کی کوششیں نہ صرف عام آدمی کی پہنچ میں اپنا مکان لائیں گی بلکہ رئیل سٹیٹ اور تعمیراتی شعبے کو بھی مزید استحکام دیں گی۔ انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے تین مرلہ ہاؤسنگ اسکیم کے آغاز کو بھی سراہا۔ میاں ابوذر شاد، انجینئر خالد عثمان اور شاہد نذیر چودھری نے کہا کہ پچاس سے زائد صنعتیں بالواسطہ یا بلاواسطہ تعمیراتی شعبے کے ساتھ وابستہ ہیں جن میں سٹیل، سیمنٹ، شیشہ سازی، ٹائلز، پینٹ، لکڑی کی مصنوعات اور برقی سامان شامل ہیں۔ اس شعبے کی ترقی سے ان صنعتوں کو وسعت ملے گی۔ لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے تجویز پیش کی کہ ٹیکسوں اور ڈیوٹیز میں کمی، تعمیراتی منصوبوں کی منظوری کے عمل کی آسانی سے اس شعبے میں مزید سرمایہ کاری ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو ڈویلپرز اور گھر خریدنے والوں کے لیے آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی یقینی بنانا چاہیے اور جدید اور پائیدار تعمیرات کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے اس شعبے کی ترقی میں حائل رکاوٹوں بشمول بھاری ٹیکس، پیچیدہ قوانین اور مختلف اداروں سے منظوری کے طویل عمل کو دور کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس سے یہ سرمایہ کاری کو اپنی طرف راغب کرے اور معاشی سرگرمیوں کو بڑھائے گا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر تعمیراتی شعبہ کو درپیش مسائل کے حل کے لیے حکومت کو مکمل معاونت فراہم کرنے کو تیار ہے۔

اسٹیٹ بینک رواں ماہ ہونے والے اجلاس میں شرح سود میں زیادہ سے زیادہ کمی کرے علی عمران آصف

قرضوں پر مبنی ترقی پائیدار نہیں ہوسکتی، اس بارے پالیسی بنائی جائے: سینئر ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس

